# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 15 مئی 2017ء بمطابق 18 شعبان المعظم 1438 ہجری بعد از دو پہر چار بجے منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

فَاسْتَقِمْ كَمَآ أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۚ إِنَّهُۥ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌO وَلَا تَرْكَنُوٓا۟ إِلَى ٱلَّذِينَ ظَلَمُوا۟ فَتَمَسَّكُمُ ٱلنَّارُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ مِنْ أَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَO وَأَقِمِ ٱلصَّلَوٰةَ طَرَفَىِ ٱلنَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ ٱلَّيْلِ ۚ إِنَّ ٱلْحَسَنَٰتِ يُذْهِبْنَ ٱلسَّيِّـَٔاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ لِلذَّٰكِرِينَO وَٱصْبِرْ فَإِنَّ ٱللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ ٱلْمُحْسِنِينَ۔

(ترجمہ): سو (اے پیغمبر) جیسا تم کو حکم ہوتا ہے (اس پر) تم اور جو لوگ تمہارے ساتھ تائب ہوئے ہیں قائم رہو۔ اور حد سے تجاوز نہ کرنا۔ وہ تمہارے سب اعمال کو دیکھ رہا ہے۔ اور جو لوگ ظالم ہیں، ان کی طرف مائل نہ ہونا، نہیں تو تمہیں (دوزخ کی) آگ آ لپیٹے گی اور خدا کے سوا تمہارے اور دوست نہیں ہیں۔ اگر تم ظالموں کی طرف مائل ہو گئے تو پھر تم کو (کہیں سے) مدد نہ مل سکے گی۔ اور دن کے دونوں سروں (یعنی صبح اور شام کے اوقات میں) اور رات کی چند (پہلی) ساعات میں نماز پڑھا کرو۔ کچھ شک نہیں کہ نیکیاں گناہوں کو دور کر دیتی ہیں۔ یہ ان کے لئے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں۔ اور صبر کیے رہو کہ خدا نیکو کاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ و آخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِین۔

## مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا مینٹل ہیلتھ مجریہ 2017 کا زیر غور لایا جانا

جناب سپیکر: یہ ایجنڈے کو میں تھوڑا چینج کرتا ہوں،

Item No. 8 and9: Honourable Minister, Senior Minister Health.

Mr .Shahram Khan (Senior Minister for Health): Thank you Mr Speaker, I intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Mental Health Bill, 2017 may be taken into consideration at once, please.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Mental Health Bill, 2017 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Passage Stage, sorry, Consideration Stage: Clauses 1 to 54 of the Bill, since no amendment has been proposed by any honourable Member in clauses 1 to 54 of the Bill, therefore, the question before the House is that clauses 1 to 54 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Passage: Honourable Senior Minister, please

## مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا منٹل ہیلتھ مجریہ 2017 کا پاس کیا جانا

Senior Minister for Health: I intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Mental Health Bill, 2017 may be passed, please.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Mental Health Bill, 2017 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed. Item No. 10 and 11: Honourable Minister for Law.

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا سول کورٹس مجریہ 2017 کا پیش کیا جانا

Mr. Imtiaz Shahid (Minister for Law): Mr. Speaker Sir, I beg to move the Khyber Pakhtunkhwa, Civil Courts (Amendment) Bill, 2017 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Civil Courts (Amendment) Bill, 2017 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Consideration Stage: Clauses 1 and 2 of the Bill, since no amendment has been proposed by any honourable Member in clauses 1 and 2 of the Bill, therefore, the question before the House is that clauses 1 and 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 and 2 stand part of the Bill. Long title and preamble also stand part of the Bill. Passage Stage: Honourable Minister for Law.

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا سول کورٹس مجریہ 2017 کا پاس کیا جانا

Minister for Law: Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Civil Courts (Amendment) Bill, 2017 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Civil Courts (Amendment) Bill, 2017 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

## مجلس قائمہ برائے قواعد وضوابط واستحقاقات کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں توسیع

Mr. Speaker: Item No. 12: Honourable Deputy Speaker, Chairperson, Standing Committee.

Ms. Mehartaj Roghani (Deputy Speaker): I wish to move under rule No. 61 of the Provincial Assembly that the time for presentation of the report of Standing Committee No. 01, on Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Implementation of Government Assurances, regarding privilege motion No. 90, moved by Dr. Amjad Ali, Special Assistant to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa may be extended till date and I may be allowed to present the report in the House.

Mr. Speaker: The motion before the House is that extension in period may be granted to present report of the Committee, in the House? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Extension in period is granted.

## مجلس قائمہ برائے قواعد وضوابط واستحقاقات کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 13, honourable, Deputy Speaker.

Ms. Mehar Taj Roghani (Deputy Speaker): I wish to present the report of the Standing Committee No. 01, on Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Implementation of Government Assurances, regarding privilege motion No. 90, moved by Dr. Amjad Ali, Special Assistant to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, in the House.

Mr. Speaker: It stands presented.

## مجلس قائمہ برائے قواعد وضوابط واستحقاقات کی رپورٹ کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 14, honourable Deputy Speaker, Madam.

Ms Mehar Taj Roghani (Deputy Speaker): I wish to move that the report of the Standing Committee No. 01, on Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Implementation of the Government Assurances, regarding privilege motion No. 90, moved by Dr. Amjad Ali, Special Assistant to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa may be adopted.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the report of the Committee may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: 'Ayes' have it. The report is adopted. Item number.

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں: جناب فریڈرک عظیم صاحب 15 مئی، الحاج صالح محمد صاحب، میاں ضیاءالرحمان صاحب، الحاج ابرار حسین صاحب، سردار ظہور احمد صاحب، قربان علی صاحب، ملک انور حیات، سردار اورنگزیب نلوٹھا، میڈم فوزیہ بی بی، میڈم دینا ناز صاحبہ، ضیاءاللہ آفریدی، سردار فرید احمد، میڈم نرگھس، منظور ہیں؟

(تحریک منظور کی گئی)

Mr. Speaker: The leave is granted.

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Speaker: Question Hour, 5057 Syed Jafar Shah sahib.

* 5057 _ جناب جعفر شاہ: کیاوزیر صنعت وحرفت وٹیکنکل ایجوکیشن ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے میں فنی تعلیم کے ادارے موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو توان اداروں کی نوعیت کیاہے، ہر درجے، کیٹگری کے کتنے کتنے ادارے موجود ہیں اور ان میں خواتین کے لئے کتنے مختص ہیں، نیز ان اداروں سے سالانہ کتنے طلباء فارغ التحصیل ہوتے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب ارشد علی (وزیر برائے فنی تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) فنی تعلیمی اداروں کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | ادارے کا نام | اداروں کی تعداد | فارغ التحصیل طلباء |
|---|---|---|---|
| 01 | گورنمنٹ کالجز آف ٹیکنالوجیز برائے طلباء | 10 | 16987 |
| 02 | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ برائے طلباء | 12 | |
| 03 | گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ برائے طالبات | 2 | 135 |
| 04 | گورنمنٹ ٹیکنکل اینڈ ووکیشنل سنٹر برائے طلباء | 24 | 3549 |
| 05 | گورنمنٹ ٹیکنکل اینڈ ووکیشنل سنٹر برائے طالبات | 17 | 1351 |

ٹیکنکل ادارے جو پی اے ایف کے حوالے کئے گئے ہیں جو SVTI کہلاتے ہیں، ان کو فنڈ KP-TEVTA فراہم کرتا ہے کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | ادارے کا نام | اداروں کی تعداد | فارغ التحصیل طلباء |
|---|---|---|---|
| 01 | شاہین ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ برائے طلباء | 8 | 1298 |
| 02 | شاہین ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ برائے طالبات | 5 | 502 |

جناب جعفر شاہ: تھینک یو جناب سپیکر۔ یو خو د دې سوال جواب هم نه دے راغلے او منسټر صاحب هم نشته۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب جعفر شاہ: جواب هم نه دے راغلے۔

Mr. Speaker: Law Minister, check 5057. Madam Aneesa, Madam Aneesa.

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیر معدنیات): سر، یہ تو جواب آیا ہوا ہے۔

جناب سپیکر: جی میڈم۔

وزیر معدنیات: جعفر شاہ! جواب آیا ہوا ہے۔

جناب سپیکر: جواب کدھر ہے، آیا ہوا ہے؟

وزیر معدنیات: جی سر، موجود ہے۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب پلیز۔

جناب جعفر شاہ: کونسا کوئسچن آپ نے وہ کیا ہے؟

جناب سپیکر: 5057

جناب جعفر شاہ: اچھا اس میں ہے، کون جواب دے گا مجھے؟ کیونکہ اس میں دو چیزیں میں نے ڈسکس کرنی تھیں، ایک تو یہ ہے کہ کالجز کے حوالے سے کہ اس کی سلیکشن کس بنیاد پر ہوتی ہے، یہ اگر مجھے بتایا جائے کہ جہاں پر یہ کالجز قائم ہیں؟

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب، پلیز۔

وزیر معدنیات: تھینک یو مسٹر سپیکر۔ مسٹر سپیکر! یہ جعفر شاہ صاحب کا جو سوال ہے یہ Relevant ہے کہ اب یہاں پر ٹیوٹا کے لئے ایک Independent board in existence ہے۔ پہلے تو حکومت یا جو ڈیپارٹمنٹ تھا وہ مختلف پروپوزل کے تحت یہ بناتے تھے، اب ایک Independent board ہے جو اس بات کا فیصلہ کرتا ہے اور ضرورت اور ڈیمانڈ کے حوالے سے وہ طے کرتا ہے کہ کہاں پر یہ نئے جو ہیں وہ ٹیکنکل ادارے قائم ہونے ہیں اور پھر اسی کے مطابق وہاں پر قائم کئے جاتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب! میری گزارش ہو گی کیونکہ ابھی سی پیک کی یہاں پر Implementation کے بعد، اس کی بہت بڑی اہمیت ہے تیکنیکی تعلیم کی، اور اس میں وہ علاقے جہاں پر سی پیک کے فوائد ابھی نہیں پہنچے ہیں تو میری گزارش ہو گی کہ ان علاقوں کو زیادہ ترجیح پر رکھا جائے مثلاً میں ملاکنڈ ڈویژن کی بات کروں گا یا اس Southern یا جہاں بھی ہیں، جہاں پر سی پیک کے دوسرے فوائد نہیں پہنچے ہیں تو کم از کم ٹیکنیکل ایجوکیشن کے انسٹی ٹیوشنز وہاں پر قائم کئے جائیں تاکہ وہاں کے لوگوں کو بھی سی پیک کی مراعات سے کچھ ان کو بھی حصہ مل سکے، تو یہ میں کمٹمنٹ چاہونگا آنریبل میڈم سے کہ اس بجٹ میں اس چیز کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے یہاں پر کمٹمنٹ فرمائیں۔

جناب سپیکر: جی میڈم، میڈم انیسہ زیب، پلیز۔

Minister for Minerals: Mr. Speaker, let me inform the honourable Member that there are already government colleges of technology which are working in different parts, at 10 number government college of technology and if he wants I can give the detail

کہ ایک آپ کا، جس کو ہم جی سی ٹی کہتے ہیں، وہ پشاور، کوہاٹ، بنوں، ڈی آئی خان میں موجود ہیں۔ پھر نوشہرہ، ایبٹ آباد، کوہاٹ، صوابی، تیمر گرہ اور تنگی چارسدہ میں موجود ہیں، یہ میل کے لئے ہیں۔ جو فیمیل ہیں، ان کے لئے کرک، پشاور، مردان، تخت بھائی، ہری پور، مانسہرہ، بٹخیلہ، اپر دیر، واڑی، کوہستان، شانگلہ میں یہ آپ کے پاس پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹس ہیں، میل کے لئے۔ جہاں تک فیمیل کے لئے ہیں، وہ حیات آباد پشاور میں اور ڈی آئی خان دونوں میں موجود ہیں اور میں سمجھتی ہوں کہ یہ ضرورت ہے کہ ان کی تعداد بھی بڑھائی جائے اور یہ بہت اچھا مشورہ ہے، ان کو خاص طور پر Cater کرنا اور ان ایریاز میں مزید بھی ہیں تو اگر آنریبل ممبر کوئی مجھے Specific proposal دے دیں تو میں ان کو ضرور یہ دونگی اور پھر بورڈ نے فیصلہ کرنا ہے لیکن ڈیپارٹمنٹ ان کی یہ پروپوزل بورڈ کے سامنے ضرور رکھے گا۔

جناب سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب۔

Mr Jaffar Shah: Thank you, I will submit a proposal.

Mr. Speaker: Next, 5031, Muhtarama Najma Shaheen Sahiba.

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: میڈم، یہ منسٹر صاحب نے ریکویسٹ کی ہے کہ اس کو کسی اور دن کے لئے ڈیفر کرلیں اور وہ آج نہیں ہیں تو Next day پر ہم اس کو رکھتے ہیں۔

محترمہ نجمہ شاہین: ٹھیک ہے، یہ میری۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 5033، آپ کا Next بھی کوئسچن ہے، اچھا یہ بھی اس کے ساتھ ہے، اس کو بھی ڈیفر کرتے ہیں۔5052، سید جعفر شاہ صاحب۔

* 5052 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف مقامات پر بشمول حطار، ہری پور، گدون، نوشہرہ، کوہاٹ، سوات اور دیگر علاقوں میں چھوٹے بڑے صنعتی یونٹ قائم تھے جن میں بہت سے لوگوں کو روزگار ملا تھا اور صنعت کو بھی ترقی ملی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے میں کل کتنے یونٹس قائم ہیں، کتنے چالو حالت میں ہیں اور کتنے بند ہیں، نیز حکومت بند یونٹس کو چالو کرنے کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عبدالکریم خان (مشیر وزیر صنعت و حرفت) (جواب وزیر معدنیات نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف مقامات پر بشمول حطار ہری پور، گدون، نوشہرہ، کوہاٹ، سوات اور دیگر علاقوں میں چھوٹے بڑے صنعتی یونٹ قائم کئے گئے تھے جن سے بہت سے لوگوں کو روزگار ملا اور صنعت کو بھی ترقی ملی۔

(ب) صوبے میں تقریباً 2655 کارخانے موجود ہیں جن میں چالو کارخانوں کی تعداد 2293 اور بند کارخانوں کی تعداد 362 ہے۔ جس کی ضلع وائز تفصیل درج ذیل ہے:

جہاں تک بند کارخانوں کی بحالی کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں صوبائی حکومت نے محکمہ صنعت و حرفت کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی ہے جس کے تحت KP-EZDMC، سمیڈا اور سمال انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بورڈ کی سربراہی میں ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی گئی تاکہ بند کارخانوں کی بحالی میں مالکان کی رہنمائی کرسکے۔ مزید برآں جہاں تک بند کارخانوں کی بندش کا تعلق ہے تو زیادہ تر کارخانے کم سرمایہ کاری، مارکیٹنگ، ہنرمند کاریگروں کی کمی اور قانونی پیچیدگیوں کی وجہ سے بند ہیں۔ اس کمیٹی کی اب تک بارہ نشستیں

منعقد ہوئی ہیں، کمیٹی نے پہلے مرحلے میں حیات آباد انڈسٹریل اسٹیٹ کے بند کارخانوں کو چالو کرنے کے لئے اقدامات شروع کئے ہیں جس کے نتیجے میں اب تک 23 کارخانوں نے دوبارہ کام شروع کیا ہے، بہت سے یونٹ مالی مشکلات کی وجہ سے بند ہیں جن کو چالو کرنے کے لئے ذیلی کمیٹی نے صوبائی حکومت کو فنڈز مختص کرنے کے لئے درخواست کی ہے۔

District-wise number of running closed industrial units with employment leave.

| S. # | District | No. of running units | No. of closed units | No of windup units | Total No. of units |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Peshawar | 751 | 72 | 31 | 854 |
| 2 | Nowshera | 190 | 17 | 17 | 224 |
| 3 | Charsadda | 46 | 3 | 6 | 55 |
| 4 | Kohat | 21 | 4 | 10 | 35 |
| 5 | Karak | 5 | 0 | 4 | 9 |
| 6 | Bannu | 38 | 24 | 13 | 75 |
| 7 | Lakki Marwar | 15 | 2 | 4 | 21 |
| 8 | DIKhan | 51 | 18 | 12 | 81 |
| 9 | Mardan | 176 | 10 | 10 | 196 |
| 10 | Swabi | 163 | 132 | 85 | 380 |
| 11 | Malakand | 71 | 6 | 0 | 77 |
| 12 | Swat | 242 | 7 | 11 | 260 |
| 13 | Dir U & L | 34 | 2 | 0 | 36 |
| 14 | Bunir | 191 | 2 | 3 | 196 |
| 15 | Chitral | 6 | 2 | 4 | 12 |
| 16 | Haripur | 169 | 34 | 28 | 231 |
| 17 | Abbotabad | 78 | 13 | 63 | 154 |
| 18 | Mansehra | 31 | 9 | 25 | 65 |
| 19 | Kohistan | 0 | 1 | 0 | 1 |
| 20 | Battagram | 3 | 1 | 0 | 4 |
| 21 | Tank | 6 | 1 | 0 | 7 |
| 22 | Hangu | 4 | 2 | 1 | 7 |
| 23 | Shangla | 2 | 0 | 0 | 2 |
| Total | | 2293 | 362 | 327 | 2982 |

Source: Directorate of Industries.

جناب جعفر شاہ: تھینک یو سپیکر صاحب۔ یہ انڈسٹریز کے حوالے سے تھا کہ صوبے میں ٹوٹل کتنی صنعتیں ابھی چالو حالت میں ہیں اور کتنی بند ہیں؟ تو رپورٹ کے مطابق 362 کارخانے ابھی بند پڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک بورڈ اسکے لئے بنا ہے اور اس میں سمیڈا وغیرہ، ایس آئی ڈی بی انکی سربراہی میں ایک کمیٹی بھی تشکیل دی گئی ہے۔ اس میں میری یہ گزارش ہوگی کہ Again I would refer to the CPEC کہ ابھی اگر 362 کارخانے ابھی تک بند ہیں تو یہ بہت بڑی، اور اس میں زیادہ تر ان علاقوں میں ہیں جو بہت پسماندہ ہیں اور ڈیپارٹمنٹ نے لکھا ہے کہ We need funding، تو میری گزارش ہوگی جناب سپیکر صاحب، کہ حکومت اس چیز کو ترجیح دے اور سمیڈا جو Already یہاں پر کام کر رہا ہے، ان کے ساتھ Co ordination میں سمال انڈسٹری ڈیویلپمنٹ بورڈ ہے اور میں سوات کی مثال دے دونگا کہ وہاں پر سلک انڈسٹریز کافی عرصے سے بند پڑی ہوئی ہے، کافی ملیں ہیں کہ ہزاروں لوگوں کو روزگار بھی مل سکتا ہے تو اس کو بجٹ میں ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

جناب سپیکر: جی میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیر معدنیات): تھینک یو مسٹر سپیکر۔ یہ بالکل بہت ان کا جائز وہ ہے، Already جو یہ ہائی لیول کمیٹی بنی ہے، وہ بنیادی طور پر اسی مقصد کے لئے ہے کہ ہر جو Sick units ہیں یا جو Wound up units ہیں ان کے Individual problems کو سٹڈی کیا جائے اور پھر ان کو ایڈریس کرنے کے لئے کام کیا جائے۔ جناب سپیکر، ابھی تک ہمیں، آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ 23 کارخانے بحال ہو چکے ہیں اور ان شاءاللہ جو باقی ہیں ان میں سے بہت سے ایسے Reasons ہیں جن کی وجہ سے مالی مسائل ہیں اور اس کو بھی حکومت ایڈریس کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ جہاں تک سلک انڈسٹری ہے، یہ آپ کے سوات میں کاسمیٹک انڈسٹری ہے یہ بڑی Important ہے اور میں اس کے ساتھ بالکل یہ حکومت نہ صرف اس معاملے میں Alive ہے بلکہ ہم یہ کوشش کر رہے ہیں کہ یہ انڈسٹری نہ صرف بحال ہو بلکہ زیادہ، نہ صرف Revive ہو بلکہ Thrive کرے، اور اس میں جس طرح پہلے جانتی ہوں کہ کوئی Extra وہ اس کے لئے Effort کی گئی ہے لیکن بات وہی ہے مسٹر سپیکر، کہ اس میں تقریباً پانچ بلین روپے Required ہیں جو اماؤنٹ ان کو بحال کرنے کے لئے چاہیئے اور یہ Proposal حکومت کو دے

دی گئی ہے، اس کے لئے طریقہ کار ڈھونڈا جارہا ہے اور ان شاءاللہ گورنمنٹ چونکہ خود اس معاملے میں بہت پختہ عزم رکھتی ہے کہ ان کارخانوں کو بحال کرے اور نئے کارخانے لگنے سے پہلے یہ بھی ساتھ ساتھ ان کے بحال ہوں اور پھر جس طرح سوات ہے، یہ بڑا Important علاقہ ہے، اس میں ماضی میں بہت اچھے طریقے سے یہ کام ہوتے رہے لیکن بہت سی وجوہات جن میں ایک وجہ نہیں ہے، مالی مسائل کے علاوہ بھی دیگر وجوہات بھی تھیں جس کی وجہ سے وہ بند ہوئے ہیں، ان ایشوز کو ان شاءاللہ ایڈریس کرکے ان کو نہ صرف یہ کہ ترجیح دی جائیگی اور کوشش کی جائیگی کہ ان کی بحالی میں جو بھی حائل رکاوٹیں ہیں، ان کو حل کرنے کے انتظامات کئے جائیں، ان شاءاللہ۔

جناب سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: میڈم نے لکھنوی اردو میں جواب دے دیا، اس طرح ہے کہ Action should speak louder than wording, I would request اور اس میں ہونا نہیں چاہیئے لیکن ان کو بتانا چاہیئے تھا کہ ہم کریں گے تو مجھے بڑی خوشی ہوتی اور میں سمجھتا ہوں کہ میڈم اس طرح، اسی جذبے سے یہ اعلان کریگی کہ ان شاءاللہ یہ ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: جی، میڈم۔

وزیر معدنیات: آنریبل ممبر کی اگر یہ خوشی ہے تو میں انہیں اس جذبے سے کہہ دیتی ہوں کہ ان شاءاللہ یہ ہو جائے گا، اللہ نے اگر چاہا تو یہ ضرور ہو گا لیکن میں جو ساتھ اس میں دوسرا جو پوائنٹ ہے، وہ یہ بھی ہے کہ حکومت کی اگر اس میں منشاء ثابت نہ ہوتی یا اس کی Seriousness نہ ہوتی تو کبھی بھی وہ اس چیز پہ اس کمیٹی کو ہائی لیول اور اس میں تمام جو Efforts ہیں جواب تک ہوئیں، تقریباً بارہ نشستیں ہوئی ہیں مختلف ان کے ساتھ، جو آپ کے Set of Industries ہے اور انڈسٹریلسٹس کے ساتھ تو اس کا مقصد یہی ہے اور پھر یہ تمام Finding کہ بھئی اس میں کتنی اماؤنٹ درکار ہے؟ یہ میں نے آپ کو ایک Rough figure دیا ہے تو یہ ان شاءاللہ میں تو کہتی ہوں جتنا گڑ ڈالیں گے اتنا میٹھا ہو گا اور ضرور ہو گا، Five billion should not be big amount، اس کے لئے ہم طریقہ کار بھی ڈھونڈ رہے ہیں اور اللہ کرے کہ

ریونیوز جس طرح جو حکومت نے اقدامات کئے ہیں، وہ بڑھے، تو یہ ہمارے لئے سب سے زیادہ ترجیح ہو گی کہ ان انڈسٹریز کو ہم بحال کریں۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ،Next, Next کو ئسچنز ختم ہو گئے، یہ جو جعفر شاہ صاحب کے دیگر کو ئسچنز تھے، ان کو ہم Defer کرتے ہیں Next day کے لئے۔ سردار ادریس صاحب، سردار ادریس، اس کے بعد آپ کو۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر، دا یو سوال دے د محترمه نجمه شاهین۔

جناب سپیکر: کدھر ہے، یہ Environment کے حوالے سے ناں؟ وہ Environment کے حوالے سے انہوں نے ریکویسٹ کی کہ آج وہ نہیں ہیں تو انہوں نے کہا کہ دوسرے دن کے لئے اس کو ڈیفر کر لیں۔

سردار ادریس: جناب سپیکر، میں۔

مفتی سید جانان: هغې د لیبر حوالې سره دے۔

جناب سپیکر: لیبر، اس کو تو میں Next day کے لئے ڈیفر کرتا ہوں۔

مفتی سید جانان: د هغې منسټر صاحبه خو ناسته ده۔

جناب سپیکر: اچھا، چونکہ آپ کو پتہ ہے وہ کریم صاحب کا چچا، لیبر ڈیپارٹمنٹ تو کریم خان اس کے پاس ہے ناں؟

وزیر معدنیات: نہیں، میں ہوں۔

جناب سپیکر: اچھا چلو بسم اللہ، کونسا کوئسچن نمبر؟ کوئسچن نمبر 5035، کوئسچن نمبر۔

* 5035 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر محنت وافرادی قوت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کوہاٹ میں کل کتنے فوکس گرائمر سکول ہیں، ان میں اساتذہ میل/فیمیل کی تعداد اور بچوں کی تعداد کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے؛

(ب) آیا اساتذہ اور کلاس فور کوہاٹ کا ڈومیسائل رکھتے ہیں اور مروجہ قوانین وضوابط کا خیال رکھ کر ان آسامیوں کو پر کیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شاہ فرمان (وزیر محنت وافرادی قوت) (جواب وزیر معدنیات نے پڑھا): (الف) کوہاٹ میں کل چار فوکس گرائمر سکول ہیں جن میں دو میل اور دو فیمیل ہیں۔ ان سکولوں میں اساتذہ اور بچوں کی تعداد مندرجہ ذیل ہے:

| سکولز اور ان میں اساتذہ کی تعداد | | |
|---|---|---|
| نمبر شمار | سکول کا نام | اساتذہ کی تعداد |
| 1 | کوہاٹ 1 میل | 57 |
| 2 | کوہاٹ 1 فیمیل | 29 |
| 3 | کوہاٹ 2 میل | 43 |
| 4 | کوہاٹ 2 فیمیل | 25 |

| سکولز اور ان میں بچوں کی تعداد | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نمبر شمار | سکول کا نام | محنت کشوں کے بچے | دیگر بچے | کل تعداد |
| 1 | کوہاٹ 1 میل | 312 | 364 | 676 |
| 2 | کوہاٹ 1 فیمیل | 293 | 97 | 390 |
| 3 | کوہاٹ 2 میل | 108 | 145 | 253 |
| 4 | کوہاٹ 2 فیمیل | 230 | 127 | 375 |
| کل تعداد | | | | 1676 |

ان سکولوں میں کام کرنے والے ماسوائے دو کے (شوکت اور ایاز) جو کہ 2007 کے بھرتی شدہ ہیں، تمام کلاس فور ضلع کوہاٹ کے ڈومیسائل رکھتے ہیں۔ مزید یہ کہ ان سکولوں میں تمام اساتذہ ضلع کوہاٹ کے ڈومیسائل رکھنے والے نہیں ہیں، ان میں کرک، بنوں، ہنگو، لکی مروت اور ڈی آئی خان کے ڈومیسائل رکھنے والے بھی ہیں۔ جہاں تک ان تمام ملازمین کو بھرتی کرنے کے لئے مروجہ قوانین کا سوال ہے تو 2007 تک بھرتی ہونے والے تمام ملازمین مروجہ قوانین کا خیال رکھ کر آسامیاں پر کی گئی ہیں جبکہ بعد

ازاں یہ شکایات تھیں کہ 2008 کے بعد مروجہ قوانین کا خیال نہیں رکھا گیا، اور یہ کیس ابھی نیب عدالت میں زیر سماعت ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: شکریہ جناب سپیکر صاحب، کوئسچن نمبر ہے 5035، اول تو یہ جواب جو ہے تو ابھی پانچ دس منٹ پہلے مجھے ملا ہے اور اس سے میں بالکل بھی مطمئن نہیں ہوں۔

مفتی سید جانان: دیکښې جی زما ضمنی سوال دے۔

جناب سپیکر: جی جی، سپلیمنٹری، مفتی جانان ماشاءاللہ ویسے یہ نام بھی بہت اچھا لگتا ہے ناں۔

مفتی سید جانان: مهربانی جی۔ سپیکرصاحب، زما ضمنی سوال دا دے، دا څلور سکولونه دی، دوه د زنانو او دوه مردانه یو سل څلور پنځوس (154) استاذان دی ورکښې او ټوټل بچی او بچیانې دا 943بچیانې دی ورکښې، بچې، او دا که په دغه استاذانو باندې تقسیم کړے جناب سپیکر صاحب! په شپږو بچو باندې، په سات بچو باندې یو استاذ راغللو،او که بهرحال دا ټول چې دے د نورو ځایونو نه ورته راغلی دی، دوئ سره ئے شمار کړئ جناب سپییکرصاحب! دا په لسو بچو باندې مطلب دادے یو دغه راځی، یو استاذ په لسو بچو باندې، او سرکاری سکولونه پرائیویټ سکولونو کښې غالباً د 30 نه 35 نه مطلب دے دا بره اونیسه چې څومره وی هغه مطلب دے دا طلباء هلته موجود وی، نو په دغه باندې زه نه پوهیږم، زما خو به داگزارش وی چې دا دغه خزانې سره لوئے خیانت دے، 154 استاذان او مطلب دے هغې کښې 943 طلباء او هغوی باندې مطلب په یو یو استاذ باندې شپږ طالبان راځی، نو زما به درته دا درخواست وی چې دا کمیټی ته اولیږئ او کمیټئ ته نه لیږئ نو بیا ئے تفصیلی بحث دپاره منظور کړئ۔

جناب سپیکر: جی میڈم، جی جعفر شاہ صاحب، سپلیمنٹری، سید جعفر شاہ، سپلیمنٹری۔

جناب جعفر شاہ: Just short relevant question, سپلیمنټری دے جی۔ داسې ده، اس طرح ہے Madam knows it کہ Last جو کمیٹی میٹنگ میں Decision ہوا تھا کہ تقریباً دو ہزار جو ٹیچرز ہیں، ان کو ایک سال یا دو سال سے ان کو تنخواہیں نہیں ملی ہیں، تو وہ اگر ہمیں منسٹر صاحب بریف کریں کیونکہ کمیٹی میں Decision ہوا تھا کہ اس مہینے میں ہو جائے گا،

I am the Chairman of that Standing Committee.

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب، پلیز۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیر معدنیات): جناب سپیکر! میں میڈم نجمہ شاہین کا پہلے میں چاہوں گی کہ انہوں نے کہا کہ میں اس سے بالکل مطمئن نہیں ہوں تو مجھے یہ سمجھ نہیں آئی کہ وہ کس پہلو سے اس جواب سے مطمئن نہیں ہیں؟ مفتی صاحب کا جو سپلیمنٹری ہے، اس پہ تو میں آؤں گی کیونکہ Ideal situation پہ زیادہ شکایت یہ ہوتی ہے کہ ٹیچر ایک ہے اور طلباء کی تعداد بہت زیادہ ہے، یہاں پہ چلیں حالات نے کیا، اس کی اور دیگر وجوہات ہیں لیکن یہاں پہ Students Teachers ratio کافی بہتر آرہا ہے تو انٹرنیشنل سٹینڈرڈ پہ اس پر مفتی صاحب مطمئن نہیں ہیں کہ کوہاٹ جیسے شہر میں Over crowded Education Department سے لے لیں، باقی تو وہ بھی مجھے کوئی اعتراض نہیں، بحث بھی کر سکتے ہیں اور اگر آپ چاہیں تو اس کو کمیٹی میں دے دیں، میرے لئے تو یہ زیادہ بڑی خوشی کی بات ہے، کمیٹی میں تو ہم جاکے ان کے سامنے اور بھی دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو جائے گا۔ جہاں تک تعلق ہے جعفر شاہ صاحب کے کوئسچن کا، تو جعفر شاہ صاحب کا کوئسچن اس سے Relevace نہیں رکھتا، I can ask for fresh notice لیکن ان کی جو اتنی میرے دل میں قدر ہے تو میں ان کو، ان کے جواب کو کبھی یہ نہیں چاہوں گی۔ جو ٹیچرز کی تنخواہ کا ایشو ہے، وہ میرے لیے اس وقت سب سے بڑا چیلنج ہے جناب سپیکر، اور یہ مسائل آپ کو پتہ ہے مختلف وجوہات سے وفاق کے ساتھ اور یہاں پر پھر بورڈ کی جو Constitution، پھر جو ان کے مسائل ہیں جو کہ غلط آئے، وہاں سے Insistence کہ بھئی یہاں پہ آپ پہلے غلط جتنے بھی ہیں ان کو ہٹائیں، نیب کی ایک لسٹ پوری اس کے اندر، ان کا پھر سروے، تو یہ تمام وجوہات ایسی ہیں لیکن شکر الحمد للہ کہ ایک ایک کر کے ان مسائل پہ ہم قابو پار ہے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ جتنے گھمبیر اور Complex جو ایشو تھا، وہ ایک ایک کر کے اس کو سلجھا رہے ہیں۔ اس مہینے کی جو Commitment ہے ان شاءاللہ وتعالیٰ وہ پوری ہو گی، میری یہ کوشش ہے کہ رمضان سے پہلے پہلے ان کے بقایاجات ادا ہوں اور اس کے لئے ہم نے اپنی طرف سے ذمہ داری ادا کر کے وفاق کو بھیج دی ہے (تالیاں) اور ان کی Commitment کے مطابق انہوں نے فنانس ڈویژن کو کیس بھیجا ہوا ہے جو پیسے ریلیز کے لئے، جیسے ہی وہ آتے ہیں پہلے اے.جی پی آر جائے گا، وہاں سے چیک کلیئر ہو گا، پھر میرے پاس آئے گا، پھر یہاں سے اکاؤنٹ اے.جی آفس جائے

گا، پھر وہاں سے چیک کلیئر ہو کے یہ سب کے اکاؤ نٹس میں ان شاءاللہ جائے گا، دیر آئی ہے، بہت تکلیف ہے لیکن ان شاءاللہ عید کے موقع پہ ان کو سب کو بھاری جو ایک لحاظ سے ان سب کی کمیٹیاں ہوں گی جو نکل آئیں گی اور یہ سب کے لئے میرے لئے بھی بڑی خوشی کا باعث ہو گا، میں مفتی صاحب کے سوال کی طرف جاتی ہوں۔

جناب سپیکر: اچھا۔

وزیر معدنیات: مفتی صاحب کا سپلیمنٹری کوئسچن، ہم سے پوچھا گیا تھا سوال کہ یہ صورتحال ہے کہ کتنے جو ورکنگ فوکس گرائمر سکول ہیں، ان میں اساتذہ میل کتنے ہیں، فیمیل کتنی ہیں اور بچوں کی تعداد الگ الگ فراہم کی جائے؟ ہم نے وہ فراہم کر دی۔ پھر ان کا دوسرا سوال تھا کہ آیا اساتذہ اور کلاس فور کوہاٹ کا ڈومیسائل رکھتے ہیں اور مروجہ قوانین اور ضوابط کا خیال رکھ کر ان آسامیوں کو پر کیا گیا ہے؟ تو اس میں بھی ہم نے بتا دیا کہ صرف دو بندے جو 2007 میں بھرتی ہوئے تھے اور اس وقت کے جو بھرتی شدہ آپ کو پتہ ہے بہت سے معاملات جو ہیں، وہ کیوں ہوئے تھے یا یہ اس دور میں کیا گیا کہ اس کی پوچھ گچھ ہو رہی ہے، کچھ بالکل پرانے ہو کے ریگولرائز ہو گئے ہیں کہ وہ شوکت اور آیاز یہ دو بندے ہیں جو کہ اس وقت ان دو کے، باقی تمام جتنے بھی ہیں وہ کوہاٹ کے ڈومیسائل ہولڈرز ہیں، وہاں پہ اور کوئی بھی باہر کا بندہ نہیں ہے، البتہ جو ٹیچرز ہیں، ان کی ٹرانسفر ہوتی رہتی ہے، اس میں کوہاٹ کے بھی ہیں، اس میں ڈی آئی خان، کرک، بنوں اور ہنگو، لکی مروت ان تمام علاقوں کے لوگ ہیں کیونکہ Requirements ہیں کہ آپ نے Qualification اور Experience کی بنیاد پہ ٹیچر کو رکھنا پڑتا ہے، باقی ان تمام قوانین کو جو 2007 تک بھرتی ہوئے ہیں ان کو مروجہ قوانین کے تحت کیا گیا ہے 2008 کے بعد شکایات ہیں کہ ان کا خیال نہیں رکھا جس کی وجہ سے معاملہ نیب کے پاس ہے اور اس پر انوسٹی گیشن ہو رہی ہے، اس پہ ریفرنسز ہو رہے ہیں، اس پہ پوچھ گچھ ہو رہی ہے، میرے پاس کوئی اس کی Finding نہیں آئی ہیں اور اس کے بہت سے ثمرات تھے یا جو اس کا جو انجام ہے، اس کو ہم بھی بھگت رہے ہیں، ان شاءاللہ وتعالیٰ مفتی صاحب کو میں اور اپنی ممبر جو میری Colleague ہے، بہت انتہائی آنریبل نجمہ بی بی کو یقین دلاتی ہوں کہ آئندہ جب میں اب یہ پوری Situation clear ہو جائے گی، Deadlock، تو جہاں جہاں کمی ہے یا پھر جہاں پہ زیادتی

ہے،اس کو بیلنس کریں گے اور جو ہم لے کر آئیں گے، آپ دیکھنا کہ وہ ایک بہت ہی فول پروف نظام سے، میرٹ کی بنیاد پہ Most qualified اور ایک پورا پراسیس کے تحت ہم بندے لگائیں گے، جیسے اس وقت ہمارے ایجوکیشن سسٹم میں بھی یہ ہو رہا ہے، کوشش کی جارہی ہے لیکن اس میں میں آپ کو Assure کراتی ہوں کہ ہر ایک چیز کے لئے جو Requirement ہے، اس کے مطابق کوئی ایسی چیز نہیں جس کے متعلق کل مجھے یا اس حکومت کو یا آپ کی ذات کو شرمندہ ہونا پڑے۔

جناب سپیکر: اعزازالملک افکاری، سپلیمنٹری۔

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب، زه جی یوه خبره کوم که ستاسو اجازت وی۔

جناب سپیکر: جی جی، مفتی صاحب، مفتی سید جانان۔

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب، میډم ډیره ښه خبره اوکړله، کمیټۍ نه مخکښې زه ستاسو په علم کښې یو دوه څیزونه راوستل غواړم چې یو سکول کښې چې دچا د پاره جوړدے، هغې کښې 312 بچی وی او نورو سکولونو نه دنورو خلقو 336, 63 بچی وی ورکښې او جناب سپیکر صاحب، 108 بچی بیا بل کښې وی او 145 بچی دنورو خلقو وی ورکښې، نو زه په دې بباندې نه پوهیږم چې ددې سکولونو دافادیت څه معنیٰ ده، بیا په دې نوم باندې څه څیز ته جوړ شوی دی دا خو۔

جناب سپیکر: آپ اس کو کمیٹی میں بھیجنا چاہتے ہیں، کمیٹی میں بھیجنا چاہتے ہیں؟

مفتی سید جانان: اؤ جی، زه دا کمیټۍ ته ،اؤ کمیټۍ ته دلاړ شی جی۔

وزیر معدنیات: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی جی، میڈم۔

وزیر معدنیات: جناب سپیکر، میں Address کردوں، جناب سپیکر، یہ بالکل صحیح ہے، یہ کسی ایک سکول میں نہیں ہے، Entitled اور Non entitled دونوں ہیں، آپ کے سکولوں میں جب بنی تھی وہ Capacity، تقریباً کافی ایک تعداد جو ہے، مثال کے طور پر جہاں ہماری اپنی بلڈنگ ہے، وہ وہاں پہ یہ تعداد بنی تھی، ایک خاص نمبر تک کو Cater کرنے کے لئے اگر اس میں آپ کے پاس گنجائش موجود ہے اور جو

جناب سپیکر، جو رجسٹرڈ ورکرز ہیں، ان کے بچے اگر وہاں Secured labor ہے، Secured labor پہ Available ہیں تو ان کو ترجیح ملتی ہے، اگر اس کے علاوہ آپ کے پاس ایک Slot موجود ہے، آپ کے پاس گنجائش ہے تو آپ ان کو، جو Non entitled ہیں وہ فیس دیتے ہیں، اس سے آپ کے ڈیپارٹمنٹ کے لئے فنڈز جنریٹ ہوتے ہیں، وہ پیسے ہم اپنے ورکرز ویلفیئر فنڈ کو وہ دے دیتے ہیں، Remit کر دیتے ہیں اور پھر وہ ہمارے لئے دوبارہ جو اماؤنٹ آتی ہے اس کے اندر وہ Include ہو کر ہمیں مل جاتے ہیں، تو میرا یہ مقصد ہے کہ Non entitled ہونا برا نہیں ہے، ہاں اگر کہیں صرف سکول Non entitled کے لئے بنا ہو تو وہ زیادتی ہے،۔ میں خود، اس کا میں نے I have taken staff of it، اس پر میں نے ایکشن لیا ہے کہ ان سکولوں کو جہاں صرف For the sake of non entitled بن رہا ہے، وہ میرا کام یا لیبر ڈیپارٹمنٹ یا ورکرز ویلفیئر بورڈ کے اس مینڈیٹ پہ نہیں آتا، تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، میں خود آپ کو یہ کہتی ہوں کہ یہ سوال کمیٹی کو بھیجیں تاکہ مفتی صاحب اور باقی ممبر جعفر شاہ صاحب اور باقی ممبران اس کی Ketosis کریں اور سامنے لیکر آئیں تاکہ ان کو بھی پتہ چلے کہ گزشتہ ادوار میں کیا ہوا اور کس کس نے صوبے کے ساتھ کیا کیا تھا کہ ہم بھی وہ تمام سامنے لیکر آئیں اور اپنا بھی ہم بتائیں کہ ہم نے اس میں کیا بہتری لانے کے لئے کیا کام کیا ہے؟ بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ میرے خیال میں کمیٹی میں آپ کمیٹی، چلو 5035 کوئسچن Is it the desire of the House that the Question No.5035, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say “Yes” and those who are against it may say “No”

<u>Mr. Speaker</u>: Ayes have it. The Question is referred to the Committee concerned.

اچھا جی سردار ادریس صاحب، یو دا یو ریزولیوشن دے ، دا کوؤ جی، تاسو د دې نه پس جی، که تاسو یو د وه، پلیز زه د رکوم د رله موقع جی۔ جی۔

<u>جناب سردار حسین</u>: شکریه سپیکر صاحب، ډیره زیاته شکریه چې ماله تاسو موقع راکړه۔ سپیکر صاحب، ظاهره خبره ده ستاسو اختیار دے ننئ ایجنډې ته چې زه ګورمه نو تاسو چې کوم حکومتی بزنس وو نو هغه تاسو مخکښې کړواو بیا ظاهره خبره ده ستاسو اختیار دے خو زه چې اوس ګورمه نو حکومتی ممبران یو

بل ته اشارې کوی او یویو، دوه دوه بهر اوځی نو زمونږ په دې هیڅ اعتراض نشته، ظاهره خبره ده دا ستاسو اختیار دے خو زما دا خیال دے چې نن په ایجنډا باندې یو ډیر اهم پوائنټ چې دے تحریک التواء پروت دے۔

جناب سپیکر: هغه راولوجی۔

جناب سردار حسین: نو زه دا ریکویسټ کومه چې په ځائے ددې چې ایجنډا مونږه پریږدو او رولز مونږ ریلیکس کوؤ او بیا یو حکومتی ممبر ته اجازت ورکوؤ نو بیا زه بخښنه غواړم۔

جناب سپیکر: زما خیال دے چې صرف دوه منټه کښې دا زه راولمه او چونکه دا چې ته کومه خبره کوې دا ډیر Importantده او دحکومت ټول نمائنده ګان به ناست وی اودا خبره آوری، پوره ډسکشن به پرې کوؤ۔

جناب سردار حسین: نه هغه خو زه دا دے وینمه چې دا دے ځلورپینځه ممبران دا دے اووتل۔

جناب سپیکر: ماشاءالله، ټهیک ټهاک دی، ټهیک ټهاک دی۔

جناب سردار حسین: او نور یو بل ته اشارې کوی نو اوځی کنه نو په هغې باندې زه پوهه یم، زما پرې نظر دے۔

جناب سپیکر: لږ بس دا ریزولیوشن دا دې نه پس زه تاسو ته درکوم جی، سردار ادریس صاحب پلیز دې نه پس به چې دے نو۔

سردار محمد ادریس: شکریہ جناب سپیکر، یہ میں رول 240 کے تحت رول 124 کو Relax کرنے کی استدعا کرتاہوں تاکہ میں ایک متفقہ قرارداد پیش کر سکوں۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب سپیکر: ہیلو، ہیلو، آپ بیٹھ جائیں، پلیز میڈم، آپ بیٹھ جائیں، میڈم، آپ بیٹھ جائیں پلیز۔

Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honourable Member, to move his resolution? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Ji, Sardar Idrees Sahib

## قرار دادیں

سردار محمد ادریس: جناب سپیکر! یہ متفقہ قرارداد ہے، اس کا محرک میں ہوں، سید جعفر شاہ صاحب ہیں، شیر از صاحب ہیں، مفتی جانان صاحب ہیں، عارف یوسف صاحب ہیں اور سردار حسین بابک صاحب ہیں۔

جناب سپیکر: جی۔

سردار محمد ادریس: میں اہم نوعیت کی قرارداد کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔

یہ صوبائی اسمبلی مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتی ہے کہ سوکی کناری ڈیم جو سی پیک پراجیکٹ کا حصہ ہے، کے متاثرین کو اسی ریٹ سے ادائیگی کی جائے جو ریٹ داسو ڈیم کے متاثرین کے لئے مقرر ہو چکا ہے۔

جناب سپیکر! یہ The distinction was being drawn اور میں سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی اس طرح کی جو Discrimination ہے، وہ لوگوں کے اندر Embarrass پیدا کرتی ہے، لوگوں کے اندر Frustration ہوتی ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ، اور پورا ایوان جو ہے، میں آپ سے گزارش کروں گا کہ یہ اگر مرکزی گورنمنٹ کو بھیج دیں تو آپ کی بہت نوازش ہو گی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Ji, Sardar Sahib.

سردار محمد ادریس: Rules already relaxed ہیں۔

یہ صوبائی اسمبلی صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ ایبٹ آباد فوارہ چوک سے میاندی سری تک اور ہیڈ برج /پل کو سی پیک میں شامل کرے اور فوری تعمیر کے لئے اقدامات بھی اٹھائے جائیں تاکہ عام لوگوں، طلبہ اور مریضوں کی مشکلات کم ہوں، نیز اس پل سے نہ صرف پورا ہزارہ بلکہ شمالی علاقاجات کے لوگ بھی مستفید ہونگے۔ یہ قرارداد بھی

متفقہ ہے جس میں سید جعفر شاہ صاحب، شیراز صاحب، مفتی جانان صاحب، عارف یوسف صاحب اور سردار حسین بابک صاحب۔

Mr. Speaker: Is it the desire that the resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously.

جناب سپیکر: جی۔

سردار محمد ادریس: جناب سپیکر! میں آپ کا اور اس پورے ایوان کا انتہائی شکریہ ادا کرتا ہوں۔

## تحریک التواء نمبر 247 پر تفصیلی بحث

جناب سپیکر: آئٹم نمبر 6، مسٹر سردار حسین بابک۔

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب! میں اس لئے بھی شکریہ ادار کرتا ہوں کہ بڑی درخواستوں کے بعد آج میرا پوائنٹ جو ہے وہ ایجنڈے پہ آیا ہے تو میں اسی لئے بھی شکریہ ادا کروں گا۔

جناب سپیکر صاحب! اسمبلی کی معمول کی کاروائی روک کر اہم مسئلے خیبر بینک میں کرپشن کے حوالے سے صوبائی حکومت کی بنائی گئی انکوائری کمیٹی کی رپورٹ خیبر بینک کی چار سالہ کارکردگی اور غیر قانونی بھرتیوں کے حوالے سے بات کرنے کی اجازت دی جائے۔

خیبر بینک ہمارے صوبے کی آمدن کا مستقل ذریعہ ہے اور قیمتی اثاثہ ہے لیکن بدقسمتی سے صوبے کے اس بڑے قومی اثاثے کی جائزہ رپورٹ کے مطابق ہر سال آمدن میں کمی جبکہ سال 2016 میں گیارہ کروڑ نقصان کا سامنا کرنا پڑا، صوبائی حکومت کی انکوائری رپورٹ ابھی تک اسمبلی فلور پر پیش نہیں ہوسکی جبکہ وزیر اعلیٰ صاحب نے اسمبلی فلور پہ انکوائری رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔ جناب سپیکر صاحب! ایک اندازے کے مطابق 2018 کے آخر میں خیبر بینک تین ارب کے نقصان تک پہنچ جائے گا جبکہ پرائیویٹ شیئر ہولڈرز سالانہ کروڑوں روپیہ آمدن کمانے سے مستفید ہو رہے ہیں، وزیر اعلیٰ کی بار بار تحریری شکل میں سیکرٹری فنانس کو ہدایات کے باوجود خیبر بینک میں بھرتیوں کے حوالے انکوائری کا حکم دیتا رہا ہے لیکن محکمہ خزانہ کے سیکرٹری ابھی تک انکوائری نہیں کرسکے۔ جناب سپیکر! آپ کے بھی علم میں

ہے، خیبر بینک ہمارے صوبے کا ایک بہت بڑا اثاثہ ہے، سالانہ آمدن کے حوالے سے یہ ہمارا اتنا بڑا اثاثہ ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی کے دور حکومت میں خیبر بینک کا سالانہ منافع 1.7 بلین تک پہنچ گیا تھا، یعنی 1.7 ارب تک یہ منافع جو تھا یہ پہنچ گیا تھا اور جس رفتار سے خیبر بینک نے آگے بڑھنا تھا، خیبر بینک نے اپنی کارگزاری اور کارکردگی دکھانا تھی، انتہائی بدقسمتی سے 2013ء میں جب نئی حکومت آئی تو خیبر بینک کی سالانہ آمدن میں کمی ہوتی رہی اور دوسری طرف خیبر بینک کی جو ایڈمنسٹریشن ہے، بجٹ میں بھی ہم دیکھتے رہے، ان کی Documents میں بھی ہم دیکھتے رہے کہ سالانہ وہ اپنے منافع میں اضافہ دکھا رہے ہیں جبکہ حقیقت میں جو پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز ہیں، پی آئی بیز ہیں، ان کو بیچ رہے ہیں، خیبر بینک کے اثاثوں کو بیچ رہے ہیں، جو پرائیوٹ شیئر ہولڈرز ہیں وہ کروڑوں روپیہ، کروڑوں روپیہ کما رہے ہیں، ہمارے صوبے کو اور ہمارے بینک کو نقصان ہو رہا ہے اور سب سے بڑا المیہ تو اس وقت پیش آیا جب خیبر بینک کے پانچ ملازمین، انہوں نے خیبر بینک میں ہونے والے کرپشن کے حوالے سے ایک رپورٹ یا ایک درخواست جب احتساب کمیشن میں دے دی تو ہونا تو یہ چاہئیے تھا، جیسا کہ صوبائی حکومت Whistle Blower ایک قانون لائی ہے، اسی قانون کے تحت اگر صوبے میں جہاں پہ کرپشن ہو رہی ہو اور اگر کوئی فرد یا افراد کرپشن کی نشاندہی کریں گے اور وہ کرپشن جب ثابت ہو گی تو 30 فیصد شیئر جو ہے، اس اماؤنٹ میں ان لوگوں کو دے دی جائے گی۔ ہونا تو یہ چاہئیے تھا کہ ان پانچ ملازمین کو Appreciate کیا جاتا، ان کو Encourage کیا جاتا، اس حکومت نے کیا کیا؟ ان پانچ ملازمین کو اپنی ملازمتوں سے نکالا اور وہ پانچ ملازمین ابھی تک کبھی ہائی کورٹ کا سہارا لے رہے ہیں، کبھی سروس ٹربیونل کا سہارا لے رہے ہیں، وزراء سے مل رہے ہیں لیکن وہ پانچ ملازمین ابھی تک اسی جرم کی سزا بھگت رہے ہیں کہ خیبر بینک میں ہونے والی کروڑوں روپیہ کی کرپشن کی ان لوگوں نے نشاندہی کی ہے، ان کے پاس ثبوت ہیں، انگریزی اخبارات میں، نیشنل اخبارات میں، ریجنل اخبارات بہت بڑی بڑی سٹوریاں آئی ہیں لیکن حکومت نے ان غریب پانچ ملازمین کی درخواستوں پہ کوئی عمل درآمد نہیں کیا۔ بھرتیوں کے حوالے سے اس حکومت میں خیبر بینک میں 1450 بھرتیاں ہوئی ہیں، 1450 بھرتیاں اور حیرت کی بات تو یہ ہے کہ ہمارے صوبے کے چیف ایگزیکٹو نے چار دفعہ سیکرٹری فنانس کو ڈائریکٹیوز ایشو کئے ہیں، ایک دفعہ ڈائریکٹیوز کئے ہیں، دوسری دفعہ Reminder کیا ہے، تیسری دفعہ

Reminder کیا ہے، چوتھی دفعہ Reminder کیا ہے لیکن سیکرٹری فنانس ابھی تک ان غیر قانونی بھرتیوں کے حوالے سے انکوائری نہیں کر سکے، وجوہات میرے خیال میں سامنے آنی چاہئیں۔ سپیکر صاحب! ہماری صوبائی حکومت Right to Information کے حوالے سے، Conflict of Interest کے حوالے سے جلسوں میں بڑے بڑے دعوے کر رہی ہے کہ ہم نے Conflict of Interest کا ایک ایسا بل پیش کیا ہے کہ صاحب منصب لوگ حکومتوں سے فائدے نہیں اٹھا سکتے لیکن بد قسمتی سے خیبر بینک میں راشد نامی ایک شخص جو کہ تحریک انصاف کی سنٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے رکن ہیں، وہ ایک اعلیٰ منصب پر فائز ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ سپریم کورٹ نے از خود راشد کے حوالے سے ان کے غیر قانونی Assets کے حوالے سے Documents مانگے ہیں لیکن وہ راشد صاحب جو ہیں وہ ہمارے بینک آف خیبر کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبر ہیں، رکن ہیں، کیا یہ حکومت سے پوچھا جا سکتا ہے راشد صاحب کے حوالے سے، یہ Conflict of Interest کا قانون اس پہ بھی لاگو ہوگا؟ مجھے خوشی ہوگی اگر حکومت کی طرف سے ہمیں یہ جواب آیا انکوائری کمیٹی ایک پورٹ کے حوالے سے سپیکر صاحب، مجھے یاد ہے، وزیر اعلیٰ صاحب وہاں پہ کھڑے تھے، اول تو ہمارا مطالبہ تھا کہ عدالتی کمیشن بنایا جائے سپریم کرٹ، خیبر بینک میں ہونے والی کرپشن کے حوالے سے عدالتی کمیشن بنایا جائے، جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، حکومت نے اپنے وزراء کی ایک کمیٹی بنائی، اس کمیٹی نے اپنی رپورٹ تیار کی، وزیر اعلیٰ صاحب نے یہاں پہ وعدہ کیا تھا کہ کمیٹی کی وہ رپورٹ جو ہے وہ اسمبلی میں پیش ہوگی، سپیکر صاحب! ابھی تک وزیر اعلیٰ صاحب کو یاد دلائیں گے، سینیئر منسٹر صاحب کی وساطت سے، کہ ابھی تک وہ رپورٹ اسمبلی میں پیش نہیں ہو سکی لیکن اس رپورٹ کے حوالے سے اس رپورٹ میں درج ہے جو پارلیمانی لیڈرز کو اسمبلی سے باہر دی گئی تھی، اس رپورٹ میں لکھا گیا ہے کہ ایم ڈی نے، مینیجنگ ڈائریکٹر خیبر بینک کے، انہوں خود ایک بھاری فائل اس رپورٹ کے ساتھ منتھی کی ہے، لہذا چونکہ اس رپورٹ میں لکھا گیا ہے کہ اگر مانگی جائے وہ بھاری رپورٹ، لہذا میں Being Member of this parliament اس اسمبلی میں میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ وہ جو بھاری رپورٹ ہے، وہ پیش کی جائے اسمبلی میں، اس بھاری رپورٹ میں کیا ہے؟ قوم کو پتہ ہونا چاہیئے، قوم کے نمائندوں کو پتہ ہونا چاہیئے۔ لہذا میری یہ بھی ریکویسٹ ہو گی حکومت سے کہ وہ رپورٹ جو ہے

اول تو اسمبلی میں پیش ہو اور پھر یہ ایم ڈی صاحب کے حواسے سے جو بات ہے، اس کی بھی نشاندہی ہونی چاہئیے۔ ساتھ ہی ساتھ سپیکر صاحب، میری تو خواہش ہے کہ یہ ایک ایسا پوائنٹ ہے، یہ پولیٹیکل سکورنگ نہیں ہے، یہ حقیقت پر مبنی ایک بہت بڑا اسکینڈل ہے، اتنا بڑا اسکینڈل ہے، اتنا بڑا اسکینڈل مجھے امید ہے انشاءاللہ، میں ریکویسٹ آپ سے بھی کروں گا کہ خیبر بینک میں ہونے والی کرپشن کے حوالے سے، غیر قانونی بھرتیوں کے حوالے سے یا میں یہ کہوں سپیکر صاحب، کہ خیبر بینک ہمارے صوبے کا بینک ہے، پنجاب فوڈ اتھارٹی کو دس ارب روپیہ کا قرضہ دے رہا ہے، دس ارب روپیہ کا Low mark up پر پیسکو اسلام آباد کو نو ارب کا قرضہ دے رہا ہے، Low mark up پہ، کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ میرے صوبے کے پرائیویٹ تعلیمی اداروں کو کتنا 'لون' دیا جا رہا ہے، میرے صوبے کے ہنرمندوں کو کتنا 'لون' دیا جا رہا ہے، میرے صوبے کے چھوٹے چھوٹے تاجروں کو کتنا 'لون' دیا جا رہا ہے؟ میرے صوبے کی ابھی انڈسٹریز کی بات ہو رہی تھی، یہ صوبہ اتنا مالدار ہو گیا ہے، شکر الحمد للہ، پنجاب کا تو ایک پنجاب بینک ہے، وہ میرے صوبے میں تو ایک آنہ قرضہ نہیں دے رہا ہے، ہم اتنی سخاوت سے کام لے رہے ہیں کہ ہم پنجاب میں انیس ارب روپیہ کا قرضہ دے رہے ہیں، لہذا سپیکر صاحب، یہ بہت سارے Contents ایسے ہیں، میری ریکویسٹ ہے آپ سے کہ ایک سپیشل کمیٹی آپ بنائیں، سپیشل کمیٹی میں تمام پارٹیوں کے پارلیمانی لیڈرز ہوں، سینیئر منسٹرز ہوں، وزیر خزانہ صاحب ہوں، چونکہ یہ خیبر بینک فنانس ڈیپارٹمنٹ سے تعلق رکھتا ہے تاکہ جس طرح انیسہ زیب بی بی نے فرمایا کہ یہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے۔ خیبر بینک ڈوبتا جا رہا ہے، ڈوبتا جا رہا ہے اور میری تو فوری طور پر حکومت سے یہی ریکویسٹ ہو گی کہ جو پانچ ملازمین جنہوں نے اس اسمبلی کے قانون کی پاسداری کی ہے، اسی قانون میں لکھا گیا ہے کہ ہم لوگوں کو 'پروٹیکٹ' کریں گے، یہ بتایا گیا تھا، یہاں کے وزیر اعلیٰ صاحب نے بتایا تھا، جب ہم نے یہ نکتہ اٹھایا کہ یہاں پہ تو ہماری معاشرتی اقدار ایسی ہیں کہ ایک بندہ وزیر کے خلاف یا کسی ممبر کے خلاف کمپلینٹ دائر کرے گا تو اس کو 'پروٹیکٹ' کون کرے گا؟ لہذا اگر حکومت کی نظر میں یہ پروٹیکشن ہے کہ اگر کوئی نشاندہی کرتا ہے، آپ ان کو ملازمتوں سے نکالیں تو میرے خیال میں اس سوچ سے ہم رائے نہیں رکھ سکتے، لہذا فوری طور پر تو میں یہی ریکویسٹ کروں گا حکومت سے کہ جو پانچ ملازمین جو کہ ایم ڈی نے، اب یہ بتایا جائے کہ ایک

Sitting ایم ڈی اتنا طاقتور ہے، ایک تو یہ ہمیں اتنا تک پتہ ہے کہ اس صوبے کے جو سابق چیف سیکرٹری صاحب تھے، ان کے وارنٹ گرفتاری جاری ہونے والے تھے، یہ ریکارڈ پہ ہے، وہ معاملہ کدھر تک پہنچا؟ سپیکر صاحب، حکومت کی طرف سے دوسروں پر الزامات لگانا بڑا آسان ہے، میں امید رکھتا ہوں کہ حکومت کھلے دل سے، کھلے دل سے اول تو یہ کہ وہ جو رپورٹ ہے، وہ یہاں پہ پیش کی جائے، 'سیکنڈلی' ، میں ریکویسٹ سپیکر سے، اس چیئر سے کرتا ہوں کہ ایک سپیشل کمیٹی بنائی جائے تاکہ اس پہ ہم کام کریں، اس کی چھان بین میں جائیں، یہ جو الزامات ہیں، یہ جو حقائق ہیں، ان ساری چیزوں کو ایک رپورٹ کی شکل میں بنائیں اور پھر اس اسمبلی میں ہم لائیں، صوبہ ہم سب کا ہے، آج اگر ہم اپوزیشن میں ہیں اور ہمارے بھائی حکومت میں ہیں، ہم ان کو یقین دلاتے ہیں، یقین دلاتے ہیں کہ ان شاءاللہ صوبے کے مفاد کی خاطر جو بھی ہمارا ساتھ ان کو دینا پڑا، ہم دینے کے لئے تیار ہوں گے۔ لہذا تمام پارلیمانی لیڈرز پہ مشتمل، پارلیمانی جماعتوں پہ مشتمل ایک سپیشل کمیٹی بنائی جائے تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے۔

جناب سپیکر: عنایت خان، عنایت خان، عنایت خان۔

راجہ فیصل زمان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ایک منٹ، ایک منٹ، عنایت خان!

جناب عنایت اللہ (سینیئر وزیر بلدیات): جناب سپیکر، یہ Written statement اور جو بابک صاحب کا مطالبہ ہے، اس پہ کوئی اختلاف نہیں ہے، Let him read out the written statement of the Finance Minister

جناب سپیکر: اوکے، مظفر سید صاحب، اس کے بعد آپ بات کر لیں گے، آپ بیٹھ جائیں اس کے بعد، جی جی۔

جناب مظفر سید ایڈوکیٹ (وزیر خزانہ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، اس معزز ایوان۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: (صاحبزادہ ثناءاللہ سے) خیر دے ته، لږ Explain شی بیا به دغه کیږی۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: جناب سپیکرصاحب، پہ دې اسمبلئ کښې خبرہ ټولو نہ مخکښې جی ما راوړې دہ، پہ دې باندې یو څو خبرې زہ کوم، بیا بہ دے جواب کوی کنہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک دہ خیر دے، د دې نہ پس بہ بیا اوکړې، بیا بہ اوکړې، بیا بہ خبرہ اوکړې، دے لږ پریږدہ چې دا Explain کړی Point to point کنہ، بیا بہ تاسو پرې خبرې اوکړئ۔

وزیر خزانہ: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جناب سپیکر صاحب، اس معزز ایوان میں آج ہمارے دوست جناب سردار حسین بابک صاحب کی تحریک التواء زیر بحث ہے جس میں بینک آف خیبر کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ اپوزیشن صوبائی اداروں کے بارے میں معاملات پر نظر بھی رکھتی ہے اور اسمبلی فلور پر بھی لاتی ہے۔ جناب سپیکر، ہم نے ہمیشہ سے مثبت تنقید کا خیر مقدم کیا ہے، اللہ کا شکر ہے کہ ہم کسی خود ساختہ انا کا شکار نہیں ہیں۔ میں بینک آف خیبر کے حوالے سے چند معروضات اس معزز ایوان میں پیش کرتا ہوں، صوبائی رولز آف بزنس کے مطابق بینک آف خیبر محکمہ خزانہ کے ماتحت ہے لیکن جب سے میں نے صوبائی حقوق کی خلاف ورزی پر بینک کے بورڈ کے چیئرمین کو تبدیل کیا، اس وقت سے عملاً خیبر بینک سے متعلق تمام اختیارات محکمہ پی اینڈ ڈی استعمال کر رہا ہے۔ جناب سپیکر، صوبائی سیکرٹری خزانہ کو خط وکتابت کے باوجود پی اینڈ ڈی کے محکمہ کے کرتا دھرتا اس ناجائز قبضے سے دستبردار ہونے کو تیار نہیں ہیں جبکہ لاء ڈیپارٹمنٹ نے اپنی قانونی رائے بھی تجویز کی ہے کہ بینک آف خیبر کے حوالے سے پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ سے جاری کئے گئے تمام آرڈرز غیر قانونی ہیں اور ان کو قانون کے دائرے میں لانے کے لئے ان کو اسی تاریخ سے منسوخ کر کے محکمہ خزانہ سے جاری کیا جائے۔ اس سلسلے میں میں نے، محکمہ خزانہ نے 2015ء میں سمری بھی وزیر اعلیٰ صاحب کو بھجوائی ہے لیکن بدقسمتی سے وہ سمری وزیر اعلیٰ تک نہیں پہنچی اور چیف سیکرٹری کے آفس میں اب تک وہ موجود ہے، اس کی تحقیقات ہونی چاہیئں کہ وہ سمری کہاں ہے؟ جناب سپیکر، میں یہ بھی عرض کروں کہ اس وقت بینک کے بورڈ کے چیئرمین اویس آغا صاحب نے اس وقت جو بورڈ کے ڈائریکٹر تھے، ایک سرکاری سیٹ کو خالی چھوڑا اور پرائیویٹ سیکٹر کو اس پر اضافی ڈائریکٹر لانے کے لئے موقع فراہم کیا۔ جناب سپیکر، ایسا بھی نہیں کہ تساہل سے، نہ

جاننے کی وجہ سے ہوا بلکہ وزارت خزانہ کی طرف سے اس وقت چیئرمین کو کہا گیا کہ میٹنگ کینسل کریں مگر اس نے میٹنگ کینسل نہیں کی اور کینسل کرنے کے بجائے اس نے پرائیویٹ ڈائریکٹر کے لئے راستہ ہموار کیا کہ بینک آف خیبر کے بورڈ میں حکومتی نمائندہ نامزد کرنے کا اختیار رولز آف بزنس کے مطابق محکمہ خزانہ کو ہے مگر پی اینڈ ڈی کا محکمہ مسلسل اس میں روڑے اٹکا رہا ہے اور مسلسل بورڈ کے چیئرمین کا نوٹیفیکیشن پی اینڈ ڈی کر رہا ہے جس کو لاء ڈیپارٹمنٹ بھی غلط قرار دے چکا ہے۔ جناب سپیکر، بینک کے ایم ڈی نے میرے اوپر بھی بے بنیاد الزامات لگائے ہیں اور اس میں کیچڑ اچھالا ہے، تو اس کی تحقیقات کے لئے صوبائی حکومت کی کمیٹی جس طرح بابک صاحب نے بات کی، بنائی جس کے مطابق تمام تر ریکارڈ معائنہ کر کے یہ طے کیا گیا کہ تمام تر الزامات بے بنیاد ہیں لیکن ہمارے اسرار کے باوجود انہوں نے رپورٹ صوبائی حکومت میں پیش نہیں کی، اس پر عمل درآمد اس وقت نہیں ہوا، یہ بات آج بھی وضاحت طلب ہے کہ یہ عمل کیوں نہیں کیا گیا؟ میں اس رپورٹ کو بابک کے ساتھ اتفاق کر کے ایوان میں پیش کرنے کی میں بھی ریکویسٹ کرتا ہوں۔ (تالیاں) جناب سپیکر، اس معزز ایوان کی توجہ اس وقت مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ موجودہ ایم ڈی کا تقرر ایسے وقت میں کیا گیا جب میں نے بطور وزیر خزانہ حلف نہیں لیا تھا لیکن اس وقت جناب شمس القیوم صاحب کو قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کر کے ایم ڈی مقرر کیا گیا۔ یہ بات ریکارڈ پہ موجود ہے کہ انٹرنل سکروٹنی اور ایکسٹرنل سکروٹنی دونوں کمیٹیوں نے شمس القیوم کا نام شارٹ لسٹ نہیں کیا تھا کیونکہ وہ شرائط پہ پورا نہیں اترتے تھے لیکن پھر بھی اس وقت کے صاحبان اختیار نے ایم ڈی مقرر کیا، بعد آزاں ان کا معاملہ احتساب کمیشن کی انکوائری ہوئی اور وہاں تک پہنچا اور وہاں بھی زیر گردش رہا، نہ معلوم کہاں وہ پہنچ چکا ہے؟ میں نے ابھی ذکر کیا کہ ایم ڈی صاحب نے اولاً میرے خلاف بے بنیاد الزامات پر مبنی اشتہار شائع کروایا اور بعد آزاں اخباری اشتہار کے ذریعے معافی بھی مانگی، اب ان کی نااہلی اور غلط روش کی وجہ سے ادارے کی ساکھ پر انگلیاں اٹھائی جارہی ہیں، اس لئے میں آپ کے توسط سے معزز ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ اس ایوان کی ایک کمیٹی بنائی جائے جو اس معاملے کی فوری طور پر اس کی دوبارہ تحقیق کرے، پندرہ دن کے اندر اندر رپورٹ پیش کرے۔ میرا ضمیر صاف ہے، میرا دامن بے داغ ہے، میں بڑی خوشی کے ساتھ اپنے آپ کو ایوان کے سامنے احتساب کے لئے پیش کرتا ہوں لیکن یہی کمیٹی اس بات

کی بھی تحقیقات کرے کہ حکومت کی براہ راست نگرانی کے باوجود نااہل ایم ڈی کا تقرر کیسے ہوا؟ سکروٹنی کمیٹی کی شارٹ لسٹنگ کو کیوں Ignore کیا گیا؟ جناب سپیکر، میرے خلاف متعدد اخبارات میں ایم ڈی صاحب نے جو الزامات، اشتہارات اور معافی نامے کے اشتہارات کروائے ہیں، ان کی Payment کہاں سے ہوئی، کیوں کی گئی؟ اگر بینک سے کی گئی ہے تو اس کا جواز کیا تھا اور اس بات پر اس کے خلاف بھی کارروائی کیوں نہیں کی گئی؟ جناب سپیکر، ایم ڈی صاحب نے گزشتہ سال جو بابک صاحب نے جو نکتہ اٹھایا، بینک کے وی ایس ایس سکیم کے تحت سینیئر موسٹ لوگوں کو زبردستی استعفیٰ دینے پر مجبور کیا، انہوں نے ایک ایسے شخص کو بھی فارغ کیا جس کی Competency پہ شک نہیں ہے کہ وہ آج ایک دوسرے بینک میں ایم ڈی ہے، کیوں اس کو فارغ کیا گیا؟ اور ایچ آر پہ ایک ایسے ناتجربہ کار جس کا بینک میں ایک دن کا تجربہ بھی نہیں ہے، ایچ آر میں ان کو بٹھایا گیا اور جس طرح بابک صاحب نے بات کی تو یونین کے چند لوگ جو اس پہ انگلیاں اٹھاتے تھے، بات کرتے تھے تو اس کو بھی غیر قانونی، بغیر کسی Intimation، بغیر کسی انکوائری، بغیر کسی Explanation کے ان کو بھی نکالا گیا، تو میں سپورٹ کرتا ہوں کہ ان لوگوں کی بھی تحقیقات کریں اور ان کو بھی یہ کمیٹی، اس کے ToR میں وہ بھی شامل کرے اور پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کیوں رولز کی Violation کرتا ہے، خیبر بینک کے معاملات میں مداخلت کیوں کرتے ہیں؟ اس کی بھی تحقیقات کی جائیں اور پرانے ملازمین کو کیوں بلاوجہ فارغ کیا گیا؟ اس سلسلے میں اس کا فوری نوٹس لیا جائے اور تحقیقات کی جائیں۔ جناب سپیکر، میں آخر میں اس بات کی طرف آنا چاہتا ہوں کہ میرا ضمیر اور دامن پاک ہے لیکن جس دامن میں خود اس میں گندگی ہے اور گندگی سے بھرے ہوئے ہیں اور اس پر دوسروں پر کیچڑ کیوں وہ اچھال رہے ہیں؟ ان پر کسی کی نظر، یہ اس لئے یہ بات کر رہے ہیں کہ ان کے دامن پہ کسی کی نظر نہ پڑ جائے۔ بابک صاحب نے بینک کے حوالے سے جس تشویش کا اظہار کیا ہے، ہم اس کی قدر کرتے ہیں اور میری بھی تجویز ہے کہ بینک کے فنانشل آفیئرز، اس کی چیکنگ بھی کسی غیر جانبدار پروفیشنل ادارے سے کروائی جائے، ہم اس کی قدر کرتے ہیں کہ یہ بات واضح ہو جائے کہ بینک کے شمس القیوم صاحب کی قیادت میں جو اعداد و شمار پیش کئے گئے ہیں، کس حد تک قابل اعتماد ہیں اور کسی حد تک Twist کیا ہے، فگرز اور اس گیم میں میں مزید تبصرہ نہیں کرنا چاہتا، بابک صاحب نے جس تشویش کا اظہار کیا ہے، اس کے حل کے لئے میں

غیر جانبدار ادارے کے ذریعے تحقیقات کا مطالبہ کرتا ہوں اور میری گزارش ہے کہ مذکورہ غیر جانبدار پروفیشنل ادارہ یہ تحقیقی رپورٹ بھی پیش کرے کہ کیا یہ بات درست ہے کہ بینک کے ڈیپازٹس تو زیادہ ہوئے ہیں مگر فنانسنگ چار سال پرانے لیول پر ہے، گویا Source of income کم ہے اور Deposit کو Profit دینے کا، Depositor کو Profit دینے کا جو Burden زیادہ کیا گیا ہے۔ اسی طرح یہ بات بھی واضح ہے کہ گزشتہ سالوں سے بینک کے اخراجات میں جو اضافہ ہوا ہے، اس کی Justification کیا ہے؟

جناب سپیکر: (صاحبزادہ ثناءاللہ سے) راجہ فیصل زمان کے بعد آپ کو موقع دیتا ہوں، اس کے بعد آپ کو موقع دیں گے۔

وزیر خزانہ: آخر میں میں یہ بات کرتا ہوں، میں آخری گزارش کرتا ہوں کہ اس بینک کو پرائیویٹائز کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، یہ بنیادی مسئلہ ہے اور اس پہ میں بالکل ایوان کو باخبر رکھنا چاہتا ہوں کہ یہ صوبے کا اثاثہ ہے، صوبے کا Asset ہے، صوبے کے غریبوں کا وہ ہے تو اس کی تحقیقات بھی کی جائیں اور کسی بھی صورت میں ان شاءاللہ میں اس کو پرائیویٹ نہیں ہونے دوں گا۔ میں اپوزیشن کے تمام دوستوں کا مشکور ہوں، انہوں نے جو بات کی ہے، میں اس کو بالکل کھلے دل سے تسلیم کرتا ہوں، اگر اس میں میری ذات پہ کوئی الزامات ہوں تو پہلے بھی رپورٹ پیش کی گئی ہے، دوبارہ بھی رپورٹ پیش کی جائے اس معزز ایوان کو اختیار حاصل ہے۔

جناب سپیکر: راجہ فیصل زمان۔

وزیر خزانہ: جس طرح وہ کرنا چاہیں وہ کریں۔

جناب سپیکر: راجہ فیصل زمان، راجہ فیصل زمان!

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: نمبر پہ نمبر راځو جی، پلیز لږ پارټی دغه ته هم ګورو کنه، پارټی Hierarchy ته هم ګورو پلیز، دې نه پس به تاسو او کړئ۔ راجہ فیصل زمان۔

راجہ فیصل زمان: آنریبل سپیکر صاحب، جس طرح آنریبل منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ ایک سپیشل کمیٹی بنائی جائے اور ضرور بنائی جائے اور میں بابک بھائی سے اس چیز پہ میں بالکل ان کے ساتھ ہوں اور سر، جو

سب سے بڑی تشویش والی بات ہے کہ دو ڈیپارٹمنٹس میں 'کلیش' ہے، مجھے تو اس طرح لگ رہا ہے کہ منسٹر صاحب خیبر بینک کی اونر شپ بھی نہیں لے رہے ہیں کہ اس کے معاملات میرے ہاتھ میں بھی نہیں ہیں، تو یہ سب چیزیں جب وہاں پہ آپ بیٹھ کے ان کو 'تھریش آوٹ' کریں گے تو آپ کو پتہ لگے گا۔ میں منسٹر صاحب کو پرسنلی بھی جانتا ہوں، میرے ان کے ساتھ تعلقات رہے ہیں اور انہوں نے اپنے آپ کو اگر پیش کیا ہے تو شاید انہوں نے اپنے آپ کو اپنا ضمیر پیش کیا ہے، لہذا اس کی سپیشل کمیٹی بنائی جائے اور جو غلط ہے، اس کو سزا دی جائے، جس نے غلطی کی ہے، چاہے بینک کے کسی اہلکار نے کی ہے، چاہے کسی Elected MPA نے کی ہے لیکن اس بات پہ مجھے بڑا دکھ ہوا ہے کہ ایک منسٹر کی سمری جائے اور وہ چیف سیکرٹری تک روک دی جائے اور آگے نہ جائے تو یہ 2015 کی بات کر رہے ہیں، آج 2017 میں ہم جا رہے ہیں، تو ہمارا حال یہ ہے کہ ایک منسٹر اپنے ڈیپارٹمنٹ کا کوئی کام اگر کرانا چاہ رہا ہے تو اس کا یہ سٹیٹس ہے، ایک سپیشل کمیٹی بنائی جائے، میری پارٹی کا بھی یہی موقف ہے اور بابک بھائی کے ساتھ میں ایگری کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: صاحبزادہ ثناءاللہ صاحب، پلیز جلدی، کوئیک۔

جناب فخر اعظم وزیر: سر!

جناب سپیکر: پلیز، آپ ایک ایک، جی صاحبزادہ ثناءاللہ!

صاحبزادہ ثناءاللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی جی، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: دا خبرہ د خیبر بینک پہ حوالہ باندې روانہ دہ، زما یو کال اټینشن پہ دې باندې جمع دے، دا تاریخونہ زہ تاسو تہ لږ ښائمہ۔ پہ 28-04-2016 باندې جناب سپیکر صاحب، زما یو توجہ دلاؤ نوټس وو، پہ 05-13 باندې مو جمع کړے دے، Lapse شوے دےپہ 08-08-2016 باندې او بیا پکښې سپیکرصاحب، پہ اخرہ کښې پہ 02-01-2017 باندې تاسو پرې لیکلی دی چې .Not admitted، زما مقصد د خبرې نہ دادے چې پینځہ ځلہ مونږہ، دا خو دې خدائے ژوند ورکړی دې میډم لہ او خدائے دې دا عمر د عزت سرہ زیات کړی چې دا څیز دے راوړے دے، ګنې سپیکر صاحب، حقیقت دادے، مونږہ د میډم شکریہ ادا کوؤ پہ دې باندې چې دا څیز ئے ایډمټ کړو او کہ دا خبرہ

مونږه جناب سپیکر صاحب، په دې ایوان کښې نه کوؤ او زمونږه دا اثاثې دغه شان روانې وی او تباهئ طرف ته روانې وی نو په ورځ د قیامت به خدائے له جواب تاسو ورکوئ، مونږ ټول به بیا ورکوؤ او جناب سپیکر صاحب، په دنیا کښې کله یو سړے د بل په بد نیتی په دې باندې را اوچتوی چې د دې بے عزتی اوشی نو د بل په بې عزتئ کښې جناب سپیکر صاحب، عزت نشته دے، مونږ د مظفر سید، د وزیر خزانه صاحب خبره نه کوؤ، مونږ د خپل قومی اثاثې خبره کوؤ چې اوه اربه روپئ اته اربه روپئی په دې خیبر پختونخوا کښې یو داسې اداره بله زمونږه نشته چې هغه آمدن شته، دا یو خیبر بینک وه، هغه هم تباهی طرف ته روان شو، نو جناب سپیکر صاحب، دوه کاله ،دوه نیم کاله تیر شو او د خیبر بینک په حواله به ئی مونږه بدلون غواړو نو د بدلون مقصد دا دے چې د جزا او د سزا نظام راوستل غواړی ،داسې په دې باندې نه کیږی جناب سپیکر صاحب، چې مونږه بلونه راوړو او منظوریږی، بلونه راوړی او نوی نوی، خو په هغې باندې عمل درآمد کول چې دی، دا د ټولو نه لویه خبره ده، جنا ب سپیکر، تاسو زما په دغه باندې not admitted لیکلی وو نو زه اوس په دې مې سوچ کولو چې دا قانون کله بدل شو، دا قانون کله بدل شو چې څه دوه کاله مخکښې مې راوړو دا څلور ځله، کاغذونه می پرې ختم کړل د درخواستونو باندې او تاسو نه ایډمټ کوله، خو چې بابک صاحب دا راوړو نو په دې هم شکر دے، وائی سحر ورک شوے او ماښام موندلے، خو جناب سپیکر صاحب، د خدائے د پاره مظفر سید صاحب دا ایډ مټ کوی او دا خبره تاسو سره agree کړه چې په پینځلس ورځو کښې دننه دننه دې ددې ریزلټ راشی، حقیقت معلوم شی چې څوک ګناهګار دے؟ جناب سپیکر صاحب، مونږه د دې وطن هغه نمائندګی کوؤ، د دې خپلې علاقې د دې خیبر پختونخوا، که په دیکښې مخلص وی واقعی ستاسو دا حکومت، اپوزیشن خو به چغې وهی، زمونږ په چغو څه کار کیږی نه خو که تاسو په دیکښې مخلص یئ او واقعی دا مظفر سید صاحب پکښې هم دا خپله لمن صفا کول غواړی او دا خبره ځکه کوم جناب سپیکر صاحب، چې د دې وزیر خزانه صاحب چې د دې وزیر خزانه صاحب بیان راغلے وو چې که ایم ډی خیبر بینک لرې نه شو، زه به استعفیٰ ورکومه، زه به د دې حکومت نه اووځم، نو

ستاسو د حکومت نه د اووتلو یره وه چې حکومت به کمزورے کیږی، نو زما عرض او درخواست دا دے ، خبره ختموم جناب سپیکر صاحب، چې دا کمیټی دې زر تر زره جوړه شی، داسې نه چې یو کال پاتې دے چې دا هم پکښې ختم شی او خبره منظر عام ته رانشی نو دا به ډیر زیاتے وی۔ شکریه۔

جناب سپیکر: مفتی جانان ، لږ مفتی جانان خبره کوی، ہر پارٹی کو ایک ایک، آپ پلیز۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، ملگرو ډیر تفصیلی بحث اوکړو ،زه خو تفصیلی خبرې نه کوم خو دا خبره ضرور کوم, مخکښې ما دغه ځائې وئیلې وه ،رسول اللهﷺ فرمائی چې زه لیلة المعراج-----

جناب سپیکر: یو منټ، فخر اعظم صاحب ،پلیز زه په دغه مطابق چلوم ،ټول پارټو له به خپله خپله نمائندگی ورکومه، ثناؤ الله صاحب خبره اوکړه ،مفتی جانان صاحب خبره اوکړی بیا هغې نه پس ته خبره او به کوې، ورکوم دې نه پس ټائم، دوه منټه پس درله، جی مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب، پیغمبر علیه الصلواة والسلام حدیث مبارک دے چې زه لیلة المعراج کښې جبرائیلؑ آسمانونو ته بوتللم، هلته ما څه خلق اولیدلو، د هغوی د اوسپنو نوکونه وو، دا خپلې سینې او خپل مخونه وربانديې گریولو، لاندې به دا غوښې ورنه را توئیدلې، وائی چې ما ورنه تپوس اوکړو چې جبرائیل امینؑ، دا خلق څوک دی؟ وئیل چې دا هغه خلق دی چې مسلمانان بې ځایه بې عزته کوی۔ سپیکر صاحب، دې نه مخکښې ستاسو متعلق یوه خبره وه ما دلته وئیل، زه اوس بیا دا خبره کوم چې دغې صوبې کښې څه خلق داسې خا مخا شته دے چې هغوی دا منسټران، منسټر صاحب عزتمند سړے دے ، زما دوستی ده ورسره، تاسو د دغې صوبې او د دغې ایوان مشران یئ، د دې کرسئ لوئے عزت دے خو دا خلق تاسو باندې تهمتونه لگوی، منسټر صاحب پخپله باندې وائی چې زه تاسو ته کله مې احتساب غواړئ، زه تاسو ته مخامخ یم، هغې باوجود دې سن 2015ء کښې، سن 2017 مطلب د دې تقریباً نیم به پورا کیدو باندې دے او منسټر صاحب بیا دا خبره هم کوی چې زما سمری اوسه پورې د چیف سیکرټری صاحب دفتر کښې پرته ده، هغه نه مخکښې نه د

راوړي، دا بیا لویه د افسوس خبره ده، زما به عرض دا وی چې دغې ته د یو سپیشل کمیټی جوړه شی چې کوم خلق دغې کښې گناهګار وی، کوم خلقو دا بدګمانی پیدا کړی وی، کوم خلق د دغې صوبې عزتمند خلق بې عزته کړے وی، د هغوی خلاف د دغې صوبې د قانون مطابق یوه زبردسته کارروائی دې اوشی چې آئنده د پاره مطلب دا دے چا ته د چا د عزت د اوچالولو، د عزت دے بې عزتی کولو مطلب دا ده موقع ملاؤ نه شی، زه په دې خپله خبره دغه کوم۔

جناب سپیکر: جی فخر اعظم صاحب، فخر اعظم صاحب خبرې اوکړه خو لږ دا مهربانی کوه چې لږ پارټی دغه ډیکورم لږ خیال ساتئ، ما ځکه چې نن مونځ ټائم دے نو ټائم دغه وی۔

جناب فخر اعظم وزیر: ټھیک ده سر۔

جناب سپیکر: فخر اعظم وزیر، جی۔

جناب فخر اعظم وزیر: سب سے پہلے تو میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور جناب بابک صاحب کا تو سپیشل شکر گزار ہوں کہ وہ اس انتہائی اہم ایشو کو یہاں ہاؤس میں لے کر آئے۔ جناب سپیکر صاحب، ویسے تو ہمارے آنریبل منسٹر نے کہا ہے کہ اس پہ کمیٹی بنے گی اور میری بھی یہی گزارش ہے ہاؤس سے کہ اس پر سپیشل کمیٹی تشکیل دی جائے لیکن اس سے پہلے میں کچھ گزارشات عرض کروں گا۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ احتساب کمیشن میں ایم ڈی کا کیس ابھی تک پڑا ہے، اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو رہی، اس لئے نہیں ہو رہی حالانکہ اسی ایم ڈی کو، اسی ایم ڈی کو نااہل قرار دیا تھا Deloitte Firm نے لیکن ابھی تک اس کے خلاف احتساب کمیشن میں کوئی کارروائی نہیں ہو رہی، اس لئے نہیں ہو رہی کیونکہ اس کے اپوائنٹمنٹ لیٹر پر آپ کے سابق چیف سیکرٹری امجد علی خان کے سائن ہیں، تو احتساب کمیشن صرف بنتا ہے اپوزیشن کے استحصال کے لئے، اور جب اپنوں کی باری آتی ہے تو پھر کوئی احتساب کمیشن نہیں ہوتا، یہ صرف بنتا ہے اپوزیشن کے استحصال کے لئے، آج جب آپ کی باری آئی، آپ کی گورنمنٹ کی باری آئی تو اس کے خلاف کوئی اقدام نہیں ہو رہا۔ دوسری بڑی بات، وہ یہ ہے کہ اسی ایم ڈی نے، اسی ایم ڈی صاحب نے ہمارے آنریبل وزیر خزانہ کے خلاف ایک اشتہار دیا تھا اور ابھی تک وہ اشتہار کی رپورٹ کو اس ہاؤس میں نہیں لایا گیا کیونکہ جب ایم ڈی سے کسی نے پوچھا کہ آپ وہ رپورٹ ہاؤس میں کیوں اس کی اجازت

کیوں نہیں دے رہے تو اس نے کہا کہ میرے پاس وزیر خزانہ کے خلاف بہت زیادہ ثبوت ہیں بلکہ بہت ثبوتوں کے انبار ہیں، ثبوتوں کے انبار میرے پاس پڑے ہوئے ہیں اس لئے میں اس رپورٹ کو ہاؤس میں نہیں لا رہا۔ تیسری بڑی بات، جب اس ایم ڈی کے خلاف احتساب کمیشن میں پانچ ہمارے معزز ایمپلائز چلے گئے تو ان کو نوکری سے نکال دیا حالانکہ احتساب کمیشن نے ان کی فوری بحالی کا حکم دیا تھا لیکن اس پر عمل نہیں ہو رہا اور وزیر اعلیٰ صاحب نے چار خطوط فنانس ڈیپارٹمنٹ کو ارسال کئے ہیں کہ ان کو فوری طور پر آپ بحال کریں اور جو خیبر بینک میں جو چودہ سو پچاس لوگوں کو بھرتی کیا گیا ہے، ان کے خلاف انکوائری ہو لیکن انکوائری کس طرح ہو گی کیونکہ اس میں تو ہمارے آنریبل وزیر خزانہ اور افسران کے رشتہ دار وہاں پر بھرتی کئے گئے ہیں۔ تو جناب سپیکر صاحب، ایک بہت بڑا ظلم ہو رہا ہے اور میں آئین کے حوالے سے کہوں گا کہ یہاں پر 6 آرٹیکل کی مکمل Violation ہو گئی ہے، آرٹیکل 25 Equality of citizen، اس کی Violation ہو گئی ہے۔

There is no equality, there is a discrimination, 8 to 20, promotion of social and economic well being of the people.

اس کی بھی ہو گئی Violation اور Article 9__ Security of person، یعنی کہ ہر بندے کی سیکورٹی جو ہے وہ سٹیٹ کا حق ہے لیکن یہاں پر سیکورٹی Priorty کی بھی ہوتی ہے اور نوکری کی بھی ہوتی ہے لیکن یہاں پر اس کی بھی Violation ہو گئی ہے اور Article 10(a)__ Right to fair trial, right to fair trial، وہ کہتے ہیں کہ صرف اپوزیشن کے لئے بنایا گیا ہے، یہاں پر فیئر ٹرائل گورنمنٹ کے لئے نہیں ہے حالانکہ یہاں پر ایم ڈی اتنی بڑی کرپشن میں ملوث ہیں لیکن اس کے باوجود اس کے خلاف فیئر ٹرائل نہیں ہو رہا، تو آرٹیکل (a)10 کی بھی خلاف ورزی ہو رہی ہے، کل Article 3__ Elimination of exploitation, کی مکمل خلاف ورزی ہو رہی ہے، جتنے بھی وہاں پر لوگوں کو، وہاں سے چار سو پچاس بندوں کو وہاں سے نکالا گیا ہے، ان کی مکمل Exploitation ہو گئی ہے، آرٹیکل Article 4__ Right of individual to be dealt with in accordance with the law کہ ہر بندے کو قانون کے مطابق اس کے ساتھ سلوک کیا جائے، تو جناب سپیکر صاحب، یہاں پر تو پھر آپ نے آئین کی بھی دھجیاں اڑا دیں اور اس کے علاوہ آپ کا احتساب کمیشن ہے، وہ صرف اپوزیشن کے استحصال کے لئے بنایا گیا ہے لیکن ہم پھر بھی اس ہاؤس سے آپ کے توسط سے توقع رکھتے ہیں کہ اگر

ابھی بھی انصاف Provide ہو جائے اور سپیشل کمیٹی بنائی جائے لیکن اتنا ظلم کبھی پہلے نہیں دیکھا جہاں خیبر بینک میں ہوا ہے لیکن میں یہاں پر یہ سپیشل گزارش کروں گا۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ مختصر کریں، پلیز۔

جناب فخر اعظم وزیر: گزارش کروں گا کہ پانچ افراد کی فوری طور پر بحالی کا حکم صادر فرمائیں۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ آمنہ سردار اور جعفر شاہ، اس کے بعد wind up کرتے ہیں۔

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر صاحب، میرا ایک کوئسچن تھا 2429 جو کہ 05-10-2015 کو خیبر بینک کے حوالے سے ہی اسمبلی میں پیش کیا گیا تھا، اس وقت منسٹر صاحب نے مجھے یقین دہانی کرائی تھی، یہ سارا اس کا ریکارڈ موجود ہے، جو انہوں نے یقین دہانی کرائی تھی تو میں چاہتی ہوں کہ جو بھی سپیشل کمیٹی بنے، اس میں اس کوئسچن کو ضرور Consider کیا جائے کیونکہ انہوں نے اس میں لکھا ہوا ہے کہ اس سوال کو سر فہرست رکھا جائے تو یہ ایک Document کے طور پہ میرے پاس موجود ہے، اسمبلی سپیچ ہے ساری، تو آپ سے گزارش ہو گی کہ اس کو بھی ضرور اس میں شامل کیا جائے۔

جناب سپیکر: سید جعفر شاہ صاحب۔

محترمہ آمنہ سردار: تھینک یو سر۔

جناب جعفر شاہ: تهینک یو جناب سپیکر صاحب، زه خو مختصر ، Repetition کول نه غواړمه ،ډیر Important issue دے او دې سره زمونږه ټولې صوبې مستقبل وابسته دے او دې باندې خبرې کیدې، زما په منسټر صاحب باندې ډیر زړه هم اوسوزیدو، هغه چې کوم انداز باندې خبرې اوکړې او داسې ښکاري چې د هغه سره ډیر ظلم شوے دے، د دې د پاره د یقیناً سپیشل کمیټی جوړه شی، د پارلیمانی پارټیانو په بهرپور نمائندگی باندې خو زما د منسټر صاحب نه لږ غوندې گیله هم ده۔ جناب سپیکر، دا دومره قیصه کیده، پکار وه چې دوئ هاؤس کښې پاڅیدلې وے او دا خبرې دې قوم ته وړاندې کړې وے نو دا به دوئ، زما محترم دے، ورور مې دے، دوست مې دے خو دا داسې خبره ده چې دې سره زمونږه ټول مستقبل وابسته دے، دا واحده اداره

ده زمونږ د صوبې، هغې سره که دا مسئله روان وی جی نو بیا خو د صوبې به ډیر بد حال وی۔

جناب سپیکر: اوکے، زما خیال دے چې ډسکشن پرې اوشو، تاسو ټول په دې Agree یئ چې سپیشل کمیټي جوړه شی، ټهیک شو جی، ګورنمنټ سره بیا زه خبره کوم چې هغوی څوک، لا ء منسټر، پلیز لا ء منسټر۔

جناب امتیاز شاہد قریشی (وزیر قانون): جناب سپیکر، تمام پارٹیوں نے خیبر بینک کے اس ایشو پہ اپنا اپنا مؤقف پیش کیا ہے، میں بھی حکومت کی جانب سے دوچار باتیں ضروری سمجھتا ہوں۔ میں کہتا ہوں کہ جس وقت یہ ایشوRaise ہوا تو اس وقت سی ایم صاحب نے سپیشل ایک کیبنٹ کمیٹی تشکیل دی سکندر شیر پاؤ صاحب کی چیئرمین شپ میں اور اس نے کافی Efforts میں سٹیٹمنٹس ریکارڈ کیں، ہم نے اور مختلف سب کو سنا، اس کے بعد اس فائل کو Further recommend کرکے ہم نے فائل بھیجی، مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میرے کچھ بھائی اس انداز سے بات کر رہے ہیں جیسے کہ موجودہ صوبائی حکومت بالخصوص تحریک انصاف خدانخواستہ کسی کوProtect کر رہی ہے جبکہ تحریک انصاف کی حکومت نے شروع ہی سے میرٹ کی بات کی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی شخص، قانون کی نظر میں سب برابر ہیں اور کوئی بھی شخص جتنا بھی طاقتور کیوں نہیں ہے، اگر وہ کوئی غیر قانونی کام کرتا ہے تو اس کے خلاف ضرور قانونی کارروائی ہونی چاہیئے۔ میرے دوستوں نے بات کی ہے، احتساب کمیشن کا حوالہ دیا، میں کہتا ہوں کہ دنیا کی تاریخ میں، پاکستان کی تاریخ میں، اس اسمبلی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ احتساب کمیشن بننے کے بعد احتساب نے تحریک انصاف کے اپنے ہی ایک وزیر کو گرفتار کیا یا اور ایک سال تک وہ جیل میں رہا اور اس نے یہ مقدمات Face کئے، باوجود اس کے کہ وہ ابھی بھی Under trial ہے وہ کیس، بحیثیت لاء منسٹر میں اس پہ کوئی تبصرہ کرنا نہیں چاہتا لیکن اتنا ضروری سمجھتا ہوں کہ تحریک انصاف کی حکومت چاہے کوئی بھی جتنا بڑا آدمی کیوں نہ ہو، اگر وہ غلط کام کرتا ہے تو سب سے پہلے ان شاء اللہ یہ حکومت اس کے خلاف آواز اٹھائے گی اور ہم نے آواز اٹھائی بھی ہے۔ میں زیادہ ٹائم نہیں لینا چاہتا، میری بھی ایکSuggestion ہے کہ ایک کمیٹی تشکیل دی جائے، سپیشل کمیٹی تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے اور اس میں جو بھی شخص ملوث ہے، Even چیف سیکرٹری صاحب کی بات ہوئی، میں کہتا ہوں کہ وہ بھی واضح کیا جائے کہ آیا

یہ سمری موجودہ چیف سیکرٹری صاحب نے روکی ہوئی ہے یا اس سے پہلے جو چیف سیکرٹری صاحب تھے اس نے روکی تھی، اس کی بھی باقاعدہ تحقیقات ہونی چاہئیں یں اور تمام رپورٹ میں جو ہے اس بات کو بھی شامل کیا جائے، میری Submission ہے کہ میں سب اپوزیشن بھائیوں کو اور حکومتی بھائیوں کو سپورٹ کرتا ہوں، سپیشل کمیٹی تشکیل دی جائے تاکہ حقائق سامنے آجائیں۔ شکریہ۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: تمام ہاؤس اس پر متفق ہے، سپیشل کمیٹی بنائی جائے، یس۔

اراکین: یس۔

جناب سپیکر: اوکے، پھر میں اس طرح کرتا ہوں کہ حکومت سے کوئی مشورہ کر کے جو کچھ وہ چاہتی ہے کہ اس کو کون ہیڈ کرے، میں چیف منسٹر کے مشورے سے اس کو کروں گا، باقی تمام پارلیمانی پارٹی لیڈروں کی اس میں نمائندگی ہوگی اور آگے اس میں ہم دیکھیں گے کہ کس کس کو اس میں ایڈجسٹ کرتے ہیں۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب سردار حسین: میں نے یہ ریکویسٹ کی اور میں شکریہ بھی ادا کرتا ہوں تمام ساتھیوں کا اور حکومتی ساتھیوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے Agree کیا، منسٹر صاحب کا خصوصی طور پہ، صوبائی اسمبلی کی پارلیمانی، یعنی حکومت کی طرف سے اگر کوئی نمائندہ اس حوالے سے، پھر اگر وزیر اعلیٰ صاحب کے مشورے سے حکومت کا کوئی نمائندہ وہاں بیٹھتا ہے تو ضرور بیٹھے لیکن تمام سیاسی جماعتوں کے نمائندوں پہ مشتمل سپیشل کمیٹی بنائی جائے تاکہ وہ ظاہر ہے سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ تمام پارلیمانی پارٹی کے ہیڈز اس میں ہوں گے۔

جناب سردار حسین: جی۔

جناب سپیکر: اور اس میں، ہم جس طرح سیلیکٹ کمیٹی کا طریقہ ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ چیف منسٹر صاحب آئیں، ایسا ایشو ہے کہ اس کے۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: تمام پارٹیوں سے ایک ایک نمائندہ ہو، Even مخلوط حکومتیں یا جماعتیں ہیں، تمام جماعتوں سے ایک ایک نمائندہ، ایک ایک نمائندہ ہو۔

جناب سپیکر: جی جی، اس میں ٹیکنیکل لوگوں کو بھی لینا پڑے گا اور ایڈووکیٹ جنرل اور جولاء سیکرٹری ہے تاکہ اس کو پورا، اچھا منظور ہے، بس یہ سپیشل کمیٹی بن گئی ہے اور اس پہ پورا اہم Probe کریں گے، آئٹم نمبر 7، مسٹر اعزاز الملک افکاری۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

جناب اعزاز الملک افکاری: شکریہ جناب سپیکر۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ توجہ دلاؤ نوٹس 1186:

محترم سپیکر صاحب، میں آپ کی توسط سے اس معزز ایوان کی توجہ مفاد عامہ کے ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ صوبائی اسمبلی کے اجلاس منعقدہ 19 ستمبر 2016 کو خیبر پختونخوا وسل بلور پروٹیکشن اینڈ ویجلنس کمیشن ایکٹ 2016 کو پاس ہوا ہے اور گورنر صاحب نے اس کی باقاعدہ منظوری بھی دی ہے لیکن مذکورہ ایکٹ کے تحت کمیشن بنانا اور رولز پر مزید کارروائی تاخیر کی شکار ہے، چونکہ مذکورہ ایکٹ نہایت اہمیت کا حامل ہے، لہذا صوبائی حکومت خیبر پختونخوا وسل بلور پروٹیکشن اینڈ ویجلنس کمیشن ایکٹ 2016 کے تحت کمیشن کا قیام اور دوسرے ضروری اقدامات کے لئے جلد از جلد اور ہنگامی بنیادوں پر کارروائی کرے۔

محترم سپیکر صاحب، دا دې وطن ډیره لویه بدقسمتي ده چې د یو معتبر ادارې او یو انټرنیشنل ادارې د سروے او رپورټ مطابق زمونږه او ستاسو په دې پاکستان کښې روزانه د سات ارب نه واخله تر باره ارب پورې کرپشن کیږی او دا دې پوره ملک او قام د پاره یو ډیر لوئے ناسور دے او زمونږه وطن د کرپشن د سرفهرست ملکونو کښې دے چې کوم په هغې کښې ملوث دی۔ زما نه مخکښې چې کوم بحث اوشو، هغه هم د دې یو کړئ ده، صوبائی حکومت یو ډیر ښه اقدام کړے دے چې د کرپشن د روک تهام د پاره ئے یو بل اسمبلئ ته راوړے وو، هغه پاس شوے هم دے، گورنر د هغې منظوری هم کړې ده خو باقاعده په هغې باندې عملی کار نه دے شروع شوے او د دې روک

تهام د پاره وو، د دې وجه نه زما دا درخواست دے چې فوری په دې باندې عملی اقدامات شروع شی او کمیشن دې جوړ شی۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر، پلیز۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: جناب سپیکر، ما هم په دې باره کښې یو دغه راوړے دے۔

جناب سپیکر: کال اٹینشن پہ تو بحث نہیں ہو سکتی، آپ پلیز، لاء منسٹر، یہ کال اٹینشن ہے، کال اٹینشن پہ کوئی بحث نہیں ہو سکتی۔

وزیر قانون: جناب سپیکر سر۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: جناب سپیکر، دا دې سره Relatedخبره ده، تاسو ما له اجازت را کړئ۔

جناب سپیکر: گوره دا اسمبلئ رولز چې مونږ کول دا مونږ دومره چکرې لګولې دی، دومره مونږه دغه اوکړل خودې اسمبلئ رولز د پاره اوکړل کنه، په رولز به چلیږی اسمبلی، جی جی، ثناء الله صاحب، بس خبره کوه کنه، اوس به دې خبره خلاصه کړې هم وه، کال اټینشن کښې رولز مطابق، کال اټینشن کښې بحث نه کیږی، پلیز دا لږ، جی، ثناء الله صاحب، آواز دې راځی۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دا سې ډیر په رولز مولز باندې۔

جناب سپیکر: نه رولز باندې چلیږو جی، رولز، بالکل په رولز په چلیږو، دا دومره چې مونږه پریکٹس اوکړو، آؤ پلیز، بس خبره کوه پلیز۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: که لیږو نو بیا به ډیره، ډیره، مونږ پرې خوشحاله یو، مونږ پرې خو شحاله یو، سپیکر صاحب، ډیره اهمه او ضروری خبره ده، دا حکومت چې راغے نو په هغه وخت کښې د مختلفو محکمو کمیشن وو، اعداد و شمار صرف لږ ښائم نو بیا به، په دې لوکل باډیز کښې کمیشن چې کله وو جی په 2013ء کښې نو دا سات پرسنټ وو، په بل ځائے کښې نه یم خبر، د دیر خبره به درته اوکړم۔ د دیر جی، سات پرسنت وو او باره پرسنت دے، په سی اینډ ډبلیو کښې کمیشن تیره پرسنټ وو، اوس پکښې وولس پرسنت دے۔۔۔

جناب سپیکر: صاحبزادہ ثناءاللہ صاحب، آپ بیٹھ جائیں، یہ رولز کے مطابق نہیں ہے یہ بات کیونکہ انہوں نے اس کا بتایا ہے کہ اس کے لئے رولز بنایا جائیں۔ جی لاء منسٹر پلیز، لاء منسٹر۔

وزیر قانون: جناب سپیکر، اعزاز الملک افکاری کا کال اٹینشن آیا ہے، اس میں شک نہیں ہے کہ ویسل بلوور پروٹیکشن ایکٹ 2016 یقیناً اہم لیجسلیشن ہے اور اس پہ موجودہ صوبائی حکومت بلکہ ساتھ صوبائی اسمبلی نے انتہائی تگ ودو محنت کی، سیلیکٹ کمیٹی میں یہ بل گیا ہے، اس پہ کافی محنت اور غور وخوض ہونے کے بعد یہ بل اسمبلی سے پاس ہوا ہے اور اس کا کریڈٹ یقیناً صوبائی حکومت کو اور اس صوبائی اسمبلی کو جاتا ہے۔ اسمبلی سے بل پاس ہونے کے بعد گورنر صاحب سے یہ پراسیس ہوا اور اس کے بعد کوئی بھی ایکٹ جب تک رولز نہیں بنتے Further commencement اس وقت اس پہ نہیں ہوتی، رولز تقریباً اس کے بن چکے ہیں، لاء ڈیپارٹمنٹ اس کی Vetting بھی کر چکا ہے اور Further approval کے لئے سمری چیف منسٹر صاحب کے پاس پہنچ گئی ہے، ان شاءاللہ بہت جلد رولز فریم ہونے کے بعد۔۔۔۔

جناب سپیکر: میری ریکویسٹ ہو گی لاء منسٹر صاحب، ریہ چیک کر لیں، میں اپنے سیکرٹریٹ سے بھی کہتا ہوں کہ جتنے بھی ہم نے قوانین پاس کئے ہیں، اس کا ایک باقاعدہ ایک لیٹر آپ لاء ڈیپارٹمنٹ کو اور چیف سیکرٹری کو بھیج دیں کہ جہاں بھی اس میں رولز نہیں بنے ہیں، کم از کم ایک مہینے کے اندر اندر وہ جو ہیں ناں وہ رولز Complete کریں اور ہمیں Intimate کریں اس کو۔

وزیر قانون: ٹھیک ہے۔

Mr. Speaker: Thank you. Item No. 8. Mr. Zareen Gul and Mr. Shah Hussain, lapsed. The session is adjourned till 03:00 pm afternoon, tomorrow.

---

(اجلاس بروز منگل مورخہ 16 مئی 2017ء بعد از دوپہر تین بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)